# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Sunday, the July 30, 2023
(305th Session)
Volume XIII, No.04
(Nos. 01-09)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XIII SP.XIII(04)/2023
No.04 15

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ... 1
2. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules ... 2
3. Leave of Absence ... 2
4. Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2022] ... 3
5. Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023] ... 4
6. Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on a Point of Public Importance regarding the treatment of customs officials towards Pashtoon businessmen ... 4
7. Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on a Point of Public Importance regarding Sugar Smuggling ... 5
8. Presentation of report of the Standing Committee on Power on a Point of Public Importance regarding the process of appointments in MEPCO ... 5
9. Point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmed regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark ... 5
10. Point of order raised by Senator Mushtaq Ahmad regarding hasty legislation. ... 6
    - Muhammad Tahir Bizinjo ... 7
    - Senator Humayun Mohmand ... 7
    - Senator Sherry Rehman ... 8
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ... 9
11. Point of Public Importance raised by Senator Molvi Faiz Muhammad regarding incidents of desecration of Holy Quran in Western Countries ... 10
12. Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah regarding issue of students belonging to erstwhile FATA and Balochistan ... 12
    - Senator Khalida Ateeb ... 13
13. Point raised by Senator Saifullah Abro regarding disrespectful comments by Minister for Defence towards female Parliamentarians ... 13
14. Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark ... 15
15. Introduction of [The Prevention of violent Extremism Bill, 2023]. ... 17
    - Senator Dr. Mohammad Humayun Mohmand ... 18
    - Senator Kamran Murtaza ... 19
    - Senator Muhammad Tahir Bizenjo ... 20
    - Senator Molana Abdul Ghafoor Haideri ... 21
    - Senator Mushtaq Ahmed ... 21
16. The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023 ... 22
17. [The Pakistan Airports Authority Bill, 2023] ... 24
    - Senator Mushtaq Ahmed ... 26
18. Introduction of [The Pakistan Civil Aviation Bill, 2023] ... 27

19. The Pakistan Air Safety Investigation Bill, 2023 .......... 28
20. The Pakistan Ruet-e-Hilal Bill, 2023 .......... 28
21. Further discussion on the motion of thanks to express gratitude of the House on Presidential Address to the Parliament on 6th October, 2022 .......... 29
- Senator Saifullah Abro 29
- Syed Yousuf Raza Gillani 31
- Senator Shahadat Awan, Minister of State for Law 33

22. Point of Public Importance raised by Senator Dost Muhammad Khan regarding renaming of upper Waziristan district as Mehsud district .......... 33
23. Point of Public Importance raised by Senator Sania Nishtar regarding hasty legislation .......... 35
- Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law) 39
- Senator Fawzia Arshad 39

24. Point of Public Importance raised by Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani regarding domestic violence incidents in the country .......... 42
25. Point of Public Importance raised by Senator Umar Farooq regarding law and order situation in the country .......... 43
26. Point of Public Importance raised by Senator Naseebullah Bazai regarding load shedding of electricity in Quetta, Balochistan .......... 44
27. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules .......... 46
28. Consideration and Passage of [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023] .......... 47
29. Consideration and Passage of [The National Institute of Technology Bill, 2023] .......... 48
30. Point of Public Importance raised by Senator Kamil Ali Agha regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark .......... 50
31. Point of Public Importance raised by Senator Sana Jamali regarding delaying of MDCAT Exam for Balochistan Students due to floods and opening of Pinjra Bridge in Balochistan .......... 52
32. Point of Pubic Importance raised by Senator Muhammad Shafiq Tareen regarding the funds allocated for the flood affected areas of Balochistan and closer of main roads due to floods .... 53
33. Points of Public Importance raised by Senator Muhammad Akram regarding i) restoration of CPEC Projects, ii) Missing persons, iii) Massive increase in ticket prices in Balochistan .......... 54
- Senator Kamran Murtaza .......... 56
- Senator Fida Muhammad .......... 58
- Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House .......... 59

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Sunday, the July 30, 2023.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at four minutes past twelve in the afternoon with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

**<u>Recitation from the Holy Quran</u>**

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٥﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ

مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿١٥٦﴾ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿١٥٧﴾

ترجمہ: اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے تو صبر کرنیوالوں کو (اللہ کی خوشنودی کی) بشارت سنادو۔ ان لوگوں پر جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمت ہے اور یہی سیدے رستے پر ہیں۔

سورۃ البقرۃ: (آیات 155 تا 157)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔السلام علیکم۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جناب ایک منٹ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ تشریف رکھیں، کام بھی کرنے دیں۔

Order No.02, honourable Minister Azam Nazeer Tarar, on his behalf honourable Minister of State for Law, please move Order No.02.

**Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules**

Senator Shahadat Awan: I, move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for Sunday, the 30th July, 2023.

*(The Motion was carried)*

Mr. Chairman: The Motion is carried. Leave Applications.

**Leave of Absence**

جناب چیئرمین: سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 24اور25جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکی تھیں۔اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر فیصل جاوید صاحب بعض نجی مصرورفیات کی بنا پر گزشتہ 330ویں مکمل اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔اس لیے انہوں نے گزشتہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر عون عباس صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 30 جولائی تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر جام مہتاب حسین خان ڈہر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 30 جولائی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر ساجد میر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 30 جولائی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Order No.03, honourable Senator Rana Maqbool Ahmad, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat,

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: مشتاق صاحب مہربانی کرکے report تو lay کرنے دیں۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: پہلے میرا important Business ہے، اس کے بعد میں آپ لوگوں کو دیتا ہوں۔

please move Order No.03.

**<u>Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2022]</u>**

Senator Rana Maqbool Ahmad: I, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, present report of the Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2022], introduced by

Senators Syed Muzafar Hussain Shah, Hidayat Ullah, Zeeshan Khan Zada and Dilawar Khan, on 20th February, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.04, honourable Senator Rana Maqbool Ahmad, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, please move Order No.04.

**Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023]**

Senator Rana Maqbool Ahmad: I, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, present report of the Committee on the Bill to provide for management and regulation of Toshakhana [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.05, honourable Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, please move Order No.5.

**Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on a Point of Public Importance regarding the treatment of customs officials towards Pashtoon businessmen**

Senator Saleem Mandviwalla: I, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen on 20th February, 2023, regarding the treatment of customs officials towards Pashtoon businessmen.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.6, honourable Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, please move Order No.6.

**Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on a Point of Public Importance regarding Sugar Smuggling**

Senator Saleem Mandviwalla: I, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Rana Mahmood ul Hassan on 7th April, 2023, regarding Sugar Smuggling.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.07, honourable Senator Saifullah Abro, Chairman Standing Committee on Power, please move Order No.07.

**Presentation of report of the Standing Committee on Power on a Point of Public Importance regarding the process of appointments in MEPCO**

Senator Saifullah Abro: I, Chairman, Standing Committee on Power, present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Rana Mahmood ul Hassan on 7th April, 2023, regarding the process of appointments in MEPCO.

Mr. Chairman: Report stands laid.

جی مشتاق صاحب کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

**Point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmed regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark**

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہ رہا تھا، عید کے بعد دو بار سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی ہوئی اور پھر بعد میں ڈنمارک میں قرآن پاک جو جلادیا گیا، اس پر 31st July کو سعودی عرب نے پوری OIC کے وزراء خارجہ کا اجلاس بھی بلایا ہے یہ بہت بڑی بات ہے۔ یہ ایک routine matter بن گیا ہے، قرآن پاک کو پھاڑنا، قرآن پاک کو پاؤں تلے روندنا، قرآن پاک کو جلانا، قرآن پاک کی توہین کرنا، ہم اس کو دیکھ رہے ہیں اور یہ اسی لیے کر رہے ہیں کہ ان کے خیال میں مسلمان امت بے حس ہو جائیں اور وہ قرآن پاک کی جتنی بھی بے حرمتی کریں اس پر کوئی بھی action نہ آئے۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں، میں نے پہلے بھی کہا کہ ہم صرف

rhetoricپر جاتے ہیں، actionکی طرف نہیں جاتے، ہم صرف toothless resolution pass کرتے ہیں، اس کی کوئی بھی حیثیت نہیں ہوتی، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ایک تو حکومت کو فوری طور پر ڈنمارک اور سویڈن کے سفارت خانوں کو بند کرنا چاہیے، سفارتی عملے کو پاکستان سے نکالنا چاہیے، ہماری redlineقرآن پاک ہے، واہگہ بارڈر پر اگر کوئی حملہ کرے تو ہم کیسے رہ سکتے ہیں؟ قرآن پاک کو جلایا جارہا ہے، پاؤں تلے روندا جارہا ہے، پھاڑا جارہا ہے اور ہم بیٹھے ہوئے ہیں؟ ڈنمارک اور سویڈن کے سفارتی عملے کو فوری طور پر یہاں سے نکالا جائے اور پاکستان کا سفارتی عملہ اگر ان ممالک میں ہیں تو ان کو بھی واپس بلایا جائے تاکہ اپنی نفرت کا اظہار ہم کریں اور پاکستانی قوم کی جذبات کی ترجمانی کریں۔

دوسرا کام یہ کریں، OICمیں legislation کریں، اس کو terrorism قرار دیں یہ freedom of expressionنہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ Legislation propose کریں، میں OICمیں بھیجتا ہوں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب والا! اس کے ساتھ دوسری بات یہ ہے کہ OICکا اجلاس جو 31 کو ہورہا ہے، اس میں آپ political, trade and diplomatic,جب تک قرارداد کے پیچھے یہ تین اقدامات نہیں ہوں گے، politically, diplomatically and trade, financial,جب تک آپ boycott نہیں کریں گے، redline نہیں کھینچیں گے تو ان تقریروں سے، ان rhetoricسے، ان قراردادوں سے آپ صرف قوم کو دھوکا دے رہے ہیں، میری یہ درخواست ہے کہ آپ کم از کم یہ تین اقدامات کریں۔

جناب چیئرمین: ضرور بھیجیں۔ آپ میرے chamberمیں آئیں اور یہ مجھے propose کریں۔ میں لکھ کر بھیجتا ہوں۔

**<u>Point of order raised by Senator Mushtaq Ahmad regarding hasty legislation.</u>**

سینیٹر مشتاق احمد: چیئرمین صاحب، آخری بات یہ ہے کہ آج اتوار کا دن ہے اور Sunday کو اتنے اہم billآپ نے یہاں رکھے ہوئے ہیں۔ ہمیں تو یہ پتہ تھا کہ آج Sunday کو خصوصی اجلاس ہے جو ہمارے rulesکی ضرورت ہے۔ لیکن اتنی strategic legislation اتوار کے دن رکھنا، درست نہیں ہے۔ تو میری آپ سے درخواست ہوگی کہ rules کو bulldoze نہ کیا جائے اور اس کو commentsکے لئے بھیجا جائے۔

جناب چیئرمین: Thank you جی۔ نہیں کریں گے۔ جی... honourable

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Sir میں بولنے دیتا ہوں۔ دیتا ہوں sir دیتا ہوں۔ Honourable Senator Bizinjo صاحب۔

**Muhammad Tahir Bizinjo**

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: شکریہ چیئرمین صاحب۔ میری bills کے حوالے سے ایک تجویز ہے کہ سیکنڈوں اور منٹوں میں یہ bill pass کرنے کے بجائے کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ قواعد اور ضوابط کے مطابق ان کو پہلے متعلقہ کمیٹیوں میں بھیج دیں تاکہ وہاں پر سیر حاصل ---

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب آپ کیوں کھڑے ہو جاتے ہیں؟ آپ تشریف رکھیں۔ یہ chair کا decision ہے اس لیے کھڑے نہ ہوا کریں۔ یہ میری آپ سے humble submission ہے۔ دیکھیں آپ سارے میرے لئے معزز ہیں۔ جب آپ اپنی جگہوں پر کھڑے ہوتے ہیں تو اچھا نہیں لگتا۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: تاکہ وہاں اس پر سیر حاصل بحث ہو اور اس بحث کی روشنی میں جو ترامیم اور اضافے ہوں گے، وہ سب کو اس صورت میں قابل قبول ہوں گے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ Honourable Senator Humayun Mohmand صاحب۔

**Senator Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین، آپ دیکھ اس طرف رہے تھے اور نام میرا لے لیا۔ Thankyou جی۔ میں اسی بات کو آگے بڑھاؤں گا۔ مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ Sunday کو، چھٹی والے دن، ہم وہ bill کیوں پیش کریں۔ کیا پاکستان میں کوئی ایسی emergency آ گئی ہے کہ ہم لوگ ابھی Sundays یا public holidays والے دن آکر bills پیش کریں گے۔

Number 2 اگر ہم یہ ساری چیزیں proper طریقے سے کریں تو ان کی validity بنتی ہے اور ان کا ایک وزن بنتا ہے۔ اگر ہم haste میں کوئی کام کریں just because کہ government سمجھتی ہے کہ ان کا time کم ہے اور سب کچھ haste میں کریں تو

میں سمجھتا ہوں کہ .haste makes waste تو میری آپ سے یہ گزارش ہو گی کہ اس قسم کی چیزیں that doesn't look nice ہر ایک بندہ پوچھ رہا ہے کہ Sunday کو کیوں بلایا۔ ہمیں بھی نہیں پتہ کہ Sunday کو کیوں بلایا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ اپنی party کے پارلیمانی لیڈرز سے یہ پوچھ لیں کہ کیوں بلایا۔ Thankyou جی۔ یہ decision پہلی advisory meeting میں ہوا تھا اور اس کی روشنی میں دو دن چھٹی کی وجہ سے یہ اجلاس بلایا ہے۔ جی doctor صاحب۔۔۔ جی Honourable Senator Sherry Rehman.جی thankyou.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیریں رحمٰن: شکریہ چیئرمین صاحب۔ بالکل میں سمجھتی ہوں کہ ہر اس meeting میں پارلیمانی لیڈرز موجود تھے جس میں یہ فیصلہ ہوا تھا اور ماضی میں بہت دفعہ ہم Saturdays and Sundays کو days completion کے لئے۔۔۔

جناب چیئرمین: اس کی کوئی ممانعت ہے ہی نہیں۔ جس وقت چاہیں session بلایا جا سکتا ہے۔

سینیٹر شیریں رحمان: میں ایک گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ جیسے سینیٹر بزنجو صاحب نے اور کئی فاضل ممبران نے بھی یہ بات کی ہے، جو بہت موزوں بات ہے، کہ یہ کمیٹیوں میں کیوں نہیں جا رہے اور عجلت کیوں ہو رہی ہے؟ تو پھر ایک timetable ہو سکتا تھا کہ ایک ایک دن کی Commitee جناب چیئرمین صاحب۔ شاید فاضل ممبران کو یہ نہیں معلوم کہ جب National Assembly اپنی term complete کرتی ہے تو جو bills وہاں شروع ہوتے ہیں جی، عجیب بات ہے لیکن ہے۔ ہونا یہ چاہیے کہ جو bill Senate کے پاس آگیا وہ safe ہو اور Senate پھر pass کرتا رہے لیکن ایسا نہیں ہوتا۔ یہ rule ہے کہ ایسے bill ختم ہو جاتے ہیں اور infructuous ہو جاتے ہیں اگر اس date تک pass نہ ہوں۔ یہ ایک قانون کا حصہ ہے اور آپ کے rules کا حصہ ہے۔ اب اس وجہ سے تھوڑی سی عجلت ہوئی ہے کہ کمیٹیوں میں bills رک جاتے ہیں۔ تو یہ بات ہمیں بار بار بتانی چاہیے کہ جو National assembly میں سے bill نکلے گا، جیسے اس وقت نکلا ہے یا کل نکلا ہے اور Senate میں آکر پڑا ہے تو جس دن National Assembly کی زندگی اور term ختم ہوتی ہے، اس دن جتنے بھی National Assembly bills سے originate کیے ہوئے ہیں وہ سب infructuous ہو جائیں گے۔ That is perhaps one of the reasons.بزنجو صاحب یہ بھی ایک وجہ ہے۔ اور شاید بہت سارے bills بالکل ہماری advise سے اور

آپ سب کی counsel سے، آپ سب کی مشاورت سے بہتر بنتے ہیں۔ کچھ bills ایسے بھی ہیں جو ممبران نے object کیے ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ چلیں اگر جلدی میں ایسا ہوا ہے تو کوئی ممانعت نہیں ہے چیئرمین صاحب! آپ نشان دہی کر دیں کہ amendments National Assembly کے بعد بھی لائی جا سکتی ہیں اور ہماری چیزیں ختم نہیں ہوں گی۔ میں خود بھی کچھ amendments لانے والی ہوں، وہ ختم نہیں ہوں گی اور نئی National Assembly میں جائیں گی .for consideration and all that تو please حوصلہ رکھیں، ہم سب ایک دوسرے کے ساتھ ہیں کہ عجلت کی legislation کسی کو اچھی نہیں لگتی۔ آپ نے اگر جس طرح bulldoze کیا ہے اس پر میں بات نہیں کرنا چاہتی۔ ہم آپ کے، میرا مطلب ہے، عکس میں نہیں ہونا چاہتے اور اگر بہتری لانا چاہتے ہیں تو ہمارے ساتھ please cooperate کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: Honourable Senator Irfan Siddiqui

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ ایک تو یہ کہ جو مشتاق صاحب نے قران کریم کی بے حرمتی کی بات کی اور جو آپ نے ruling دی ہے وہ آپ کے chamber میں آئیں گے اور ان کی اور تمام ایوان کی خواہش کے مطابق اس پر desired action ہو جائے گا۔ ابھی جو محترمہ شیری رحمٰن صاحبہ نے بھی کہا اور ادھر سے بھی آوازیں آئیں، میں اس سلسلہ میں being member of a ruling party ایک چھوٹی سی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں شاید یہ compulsion ہے کہ ہم اپنا ووٹ دیں ان bills میں، اور ہم دیں گے، لیکن ایک گزارش کرنی چاہئے کہ بعض bills بہت ہی important ہیں۔ مثلاً یہ bill جو Prevention of Violent Extremism Act, 2023 بہت vast areas کو cover کر رہا ہے۔ اس کے 33 Articles ہیں اور more than 100 اس کی sub clauses ہیں۔ اور یہ زندگی کے دائرے کے اندر آنے والے، چاہے کوئی سیاست دان ہے، چاہے کوئی علماء کرام میں سے ہے، چاہے کوئی عام فرد ہے، ان سب پر محیط ہوتا ہے اور ان سب کے حقوق سلب کرتا ہے۔ ان کے حقوق پر قدغنیں لگاتا ہے۔ یہ bill قومی اسمبلی سے نہیں آیا۔ وہاں نہ Standing Committee نے دیکھا اور نہ ہی ایوان نے دیکھا، یہ direct ہمارے پاس آیا ہے۔ چونکہ یہ bill direct ہمارے پاس آیا ہے تو یہ ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ اس کو قومی اسمبلی میں بھیجنے سے پہلے thoroughly دیکھیں۔ ہم اس کے aims, اس کے

,objectivesاس کے مقاصد اور اس کے اہداف سے اتفاق کرتے ہیں۔ لیکن ہمیں یہ خدشہ ہے کہ یہ قانون اگر جوں کا توں، جس طرح ہمارے سامنے آیا ہے، کمیٹی میں جائے بغیر یا اس house میں discuss کیے بغیر منظور ہو گیا تو ہمارے لئے شاید آنے والے دنوں میں یہ ایک ایسا شکنجہ ہو گا جس میں پتہ نہیں کون کون کسا جائے گا اور تب وہ کہے گا کہ جب قانون بن رہے تھے تو آپ کہاں تھے۔ یہ میں ایوان کے record پر لانا چاہتا تھا تاکہ ہمیں یہ bill pass کرتے وقت یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ یہ 33 Articles اور اس کی 100 ذیلی شکیں ہماری آزادی۔۔۔

جناب چیئرمین: .Thank you sir, thank you sir چوہدری منظور صاحب، former MNA میرے right side پر بیٹھے ہیں، welcome to the house sir جناب مولانا فیض محمد صاحب!

**Point of Public Importance raised by Senator Molvi Faiz Muhammad regarding incidents of desecration of Holy Quran in Western Countries**

سینیٹر مولوی فیض محمد: درود شریف پڑ ہیں۔

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاہِیمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ، صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیم۔

چیئرمین صاحب! مختلف موضوعات پر باتیں ہو رہی ہیں، کافی دنوں سے اسلامی شعائر کی توہین کی باتیں ہو رہی ہیں۔ نبی حضور اکرم ﷺ کی ذات پر یورپ والے جملے کستے ہیں۔ کبھی آپ ﷺ کی ختم نبوت پر اور کبھی قران کریم کے اوپر۔ یہ کیا ہے! اصل میں اسلام سلامتی کا مذہب ہے۔ جب یورپ میں اسلام گیا ہے، مسلمان مرتد نہیں ہوتے بلکہ ان کے آدمی مسلمان ہو رہے ہیں۔ اب وہ اس کو کیسے روکیں؟ اس میں یہ ہو گا کہ ہم ان کے نبی ﷺ کی توہین اور ان کی کتاب کی توہین کریں گے تو یہ جذبات میں آئیں گے تو پھر ہم کہیں گے کہ یہ دہشت گرد ہیں۔ یہ ساری منصوبہ بندی وہ اسی لئے کرتے ہیں۔ لیکن بحیثیت مسلمان ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ قران کریم اللہ پاک کی آخری کتاب ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ قران کریم کی توہین کوئی کلمے والا کرتا ہے، توہین کی نیت سے گندی جگہ پر پھینکتا ہے، یہ مرتد ہو جاتا ہے، ایمان سے نکل جاتا ہے اور اس کی سزا موت ہے۔ اگر ایسا غیر مسلم کرتا ہے جس کی nationality ہمارے ملک کی ہے، جس کو عربی میں ذمّی کہتے ہیں، اس نے توہین کی تو اس کی سزا یہ ہے کہ اس کی یہ سزا ہے کہ اس کی ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے، وہ بھی مجرم ہے اور سزا کا حقدار ہے۔ تیسرا وہ آدمی ہے جو دارالحرب کا ہے، دارالسلام کا نہیں ہے، مسلمان اور ذمی دارالسلام کے اندر رہنے والوں کو کہتے ہیں، وہ مسلم اور وہ غیر مسلم۔ باہر والے حربی کہتے ہیں، حربی ملک چاہے، ان کے ساتھ معاہدہ ہو یا نہ ہو۔ قرآن کریم، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شعائر اسلام کی توہین کرے، ان کے خلاف جہاد ہو کہ تم ایسا کیوں کرتے ہو۔ ہم اس سے

رہ گئے ہیں، جہاد اقدامی اور جہاد دفاعی ہم سے رہ گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم زبان سے ان سے کہو کہ یہ غلط ہے۔ ان سے قطع تعلقات کرو، آپ جس کو boycott کہتے ہیں، یہ لازمی ہے کہ ہم boycott کریں کہ ہمارے قرآن کریم کی توہین ہو، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین ہو اور ہم بیٹھے رہیں، ہمارے ان کے ساتھ تعلقات ہوں۔ اتنے تک ہے کہ مجلس چل رہی ہے اور دین کے خلاف کوئی بات ہوئی ہے، فرمایا گیا ہے کہ اس مجلس میں نہ بیٹھو، نصیحت کرو اور پھر اٹھ کر چلے جاؤ۔ ہمارے ان کے ساتھ معاہدے ہیں۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ ان کی ضد ہے، یہ قرآن کی مجید کی توہین کرتے ہیں۔ جناب! قرآن کریم میں پچیس انبیاء علیہ السلام کے نام آئے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام 136 مرتبہ آیا ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام 59 مرتبہ آیا ہے، حضرت نوح علیہ السلام کا نام 44 مرتبہ آیا ہے، حضرت یوسف علیہ السلام کا نام 27 مرتبہ آیا ہے، حضرت لوط علیہ السلام کا نام 27 مرتبہ آیا ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام 25 مرتبہ آیا ہے، حضرت آدم علیہ السلام کا نام 25 مرتبہ آیا ہے، حضرت ہارون علیہ السلام کا نام 20 مرتبہ آیا ہے، حضرت اسحٰق علیہ السلام کا نام 17 آیا ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام آیا ہے، حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام 16 مرتبہ آیا ہے، حضرت داؤد علیہ السلام کا نام 16 مرتبہ آیا ہے، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا نام 12 مرتبہ آیا ہے، حضرت شعیب علیہ السلام کا نام 11 مرتبہ آیا ہے، حضرت صالح علیہ السلام کا نام 9 مرتبہ آیا ہے، حضرت زکریا علیہ السلام کا نام 7 مرتبہ آیا ہے، حضرت یحییٰ علیہ السلام کا نام 5 مرتبہ آیا ہے، حضرت ھود علیہ السلام کا نام 4 مرتبہ آیا ہے، حضرت یونس علیہ السلام کا نام 4 مرتبہ آیا ہے، حضرت الیسع علیہ السلام کا نام 2 مرتبہ آیا ہے، حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا نام 2 مرتبہ آیا ہے، حضرت الیاس علیہ السلام کا نام 2 مرتبہ آیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام 4 مرتبہ آیا ہے۔

جناب! یہ ایسے ظالم ہیں کہ ٹھیک ہے، مسلمان کی ضد میں کہاں اجازت ہے، تم اپنے آپ کو عیسائی کہتے ہو، اپنے آپ کو مذہبی کہتے ہو، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام کو جلاتے ہو، بی بی مریم کا نام آیا، اس کو بھی جلاتے ہو۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اس کتاب میں انبیاء علیہ السلام کے نام ہیں، ان کو کہنے والا کوئی نہیں ورنہ پہلے والے کہاں گئے۔ ہارون الرشید ہوتا، ایک مرتبہ روم کے بادشاہ نے کہا کہ ہارون الرشید آپ نے یوں کیا ہے، میں آپ کے ساتھ ایسا کروں گا، جواب دو، انہوں نے کہا کہ (عربی) تم نے شرارت کی ہے، تم مجھ سے جواب لیتے ہو، تم جواب سنوں گے نہیں، جواب دیکھو گے۔ جناب! ہمارے اسلامی ممالک اور ہمارا پاکستان اتنا تو کریں کہ ان کا boycott کریں، ان کے سفراء اور متعلقین کو واپس بھیجیں۔ آپ حضرات اس پر متفق ہیں؟ بیٹھنے والوں میں سے کوئی بولتا ہی نہیں، ٹھیک ہے، یہ ہمارا ایمان

ہے، آپ یقین کریں۔ آپس میں کسی چیز میں جتنا بھی اختلاف ہو لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قرآن کریم اور شعائر اسلام پر کوئی گستاخی برداشت نہیں کی جائے گی۔ جناب ! اللہ تعالیٰ ہماری حکومتوں کو اور سب کو توفیق دے۔ ان کا یہ مقصد ہے کہ ہم ایسا کریں گے اور پھر بتائیں گے کہ یہ دہشت گرد ہیں۔

جناب ! فرانس میں ڈاکٹر حمید اللہ کا ادارہ ہے تو اس ادارے میں چالیس ہزار سے زیادہ لوگ مسلمان ہوئے۔ ایک یہودی کے بچے ہیں، سکولوں میں نہیں پڑھتے، لندن میں ایک دینی مدرسہ ہے، وہ اپنے بچوں کو لایا کہ مسلمانوں اس کو جگہ دے دو، انہوں نے جگہ دی، ان کے کردار کو ان لڑکوں نے دیکھا، وہ بااخلاق بنے اور مسلمان ہو گئے، ان کے لیے اصل بات یہ ہے۔ وہ جھگڑا کراتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو جائے۔ وآخر دعوٰنا ان الحمد للہ۔

جناب چیئرمین: آمین۔ قابل احترام سینیٹر ہدایت اللہ صاحب! آپ کا blood pressure ٹھیک ہے؟

سینیٹر ہدایت اللہ: جناب! آپ کا شکریہ۔ مولانا صاحب نے بڑی مفصل گفتگو کی ہے اور آپ کے بھی شکر گزار ہیں کہ آپ نے سینیٹر مشتاق احمد صاحب سے کہا کہ میرے Chamber میں تشریف لے آئیں تاکہ آئندہ کے لیے لائحہ عمل طے کیا جائے۔

جناب چیئرمین: ان شاء اللہ ہم OIC کو لکھیں گے۔

## Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah regarding issue of students belonging to erstwhile FATA and Balochistan

سینیٹر ہدایت اللہ: جناب! میں ایک point of public importance کے issue پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان اور FATA کے students نے کافی عرصے سے HEC کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا ہوا تھا اور Supreme Court of Pakistan نے بھی ان کے حق میں فیصلہ دیا ہے۔ جناب! اس ایوان سے ایک direction چلی جائے کہ ان کا result ایک دو دن میں display کیا جائے کیونکہ Medical college کی classes start ہوئے چھ ماہ ہو گئے ہیں لیکن ابھی تک ان کا result display نہیں کیا جا رہا، merit list display کرنی ہے، کسی کو favour نہیں کرنا۔ ان کی صرف merit list display ہو تاکہ ان کا admission and classes miss نہ ہوں۔

جناب چیئرمین: سیکریٹری صاحب! اس کی HEC سے report لے لیں۔ سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

## Senator Khalida Ateeb

سینیٹر خالدہ اطیب: جناب! آپ کا شکریہ۔ سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے جو point raise کیا، اس پر مفصل گفتگو ہوئی اور مولانا صاحب نے اس پر بہت تفصیل سے روشنی ڈالی۔ میں آپ سے یہ کہتی ہوں کہ مذہبی انتہا پسندی کو روکنے کے لیے کوئی ایسا ٹھوس قانون بنانا چاہیے کہ جس میں مسلمانوں کے حوالے سے چیزیں آئیں۔ ہمارے اقلیتوں کے متعلق معاملات ہیں، وہ بھی متاثر نہ ہوں اور پاکستان کا وہ چہرہ جو ایک soft image ہے، وہ بھی متاثر نہ ہو لیکن ہمیں اپنے مذہب کے معاملے میں ہر وہ قدم اٹھانا چاہیے جو توہین کے حوالے سے آتا ہو۔ جیسے ابھی مولانا صاحب نے کہا کہ قرآن کریم میں صرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نہیں ہے بلکہ تمام مذاہب کے انبیاء کرام کا اس میں نام موجود ہے۔ وہ صرف حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین نہیں کر رہے بلکہ وہ ان انبیاء کرام کی بھی توہین کر رہے ہیں۔ ہمیں قانون بناتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ مسلمانوں کو تو تحفظ دینا ہی ہے کہ کسی کی جرات نہ ہو کہ قرآن پاک کی توہین کرے، اس کو روندے، اللہ نہ کرے، اس کو کسی ایسی جگہ پر لے جا کر اس پر پیر رکھے جاتے ہیں، اس کی سڑکوں پر توہین کی جاتی ہے، ایسے قوانین ضرور بنائے جائے۔ مذہبی اقلیتوں کو تحفظ دینے کے لیے کیونکہ ایسے شر پسند اور انتہا پسند عناصر بھی ہمارے ہاں موجود ہیں جو اس موقع سے فائدہ اٹھا کر مذہبی ہم آہنگی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ جناب! آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ قابل احترام سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

## Point raised by Senator Saifullah Abro regarding disrespectful comments by Minister for Defence towards female Parliamentarians

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! آپ کا شکریہ۔ Point of public importance اپنی جگہ پر ہے لیکن اس ایوان میں دو دن پہلے ایک speech ہوئی تھی، میں اس پر آپ کے پانچ منٹ چاہوں گا۔ اتفاق سے کسی بھی آدمی میں اتنی ہمت ہونی چاہیے۔۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ پرانے قصے نہ چھیڑو، آپ point of public importance پر بات کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! میں آپ کے پانچ چاہوں گا، یہ بھی point of public importance ہے جب Parliamentarians کی importance نہیں ہے تو ہم ہی public کی نمائندگی کرتے ہیں۔ کسی بھی بندے میں اتنی ہمت ہونی

چاہیے کہ وہ جب بھی اپنے کوئی بھی views share کرے تو اس کے اوپر کھڑا رہنا چاہیے۔ آپ نے دیکھا، میں شاید 27 July والے اجلاس میں نہیں تھا تو پورا ایوان کہہ رہا تھا۔ میں اپنے بھائی سینیٹر کامران مرتضیٰ کو سلام پیش کرتا ہوں، میں نے ان کی speech بعد میں سنی بھی تھی کہ ایک وزیر کے ہماری female Senators پر غلط remarks تھے، انہوں نے اٹھ کر ان کی عزت بھی کی اور ان سے معافی بھی مانگی، وہ ان کا کام ہی نہیں تھا جس بندے کا کام تھا، وہ اس ایوان میں (XXX)* بن کر کہہ رہا تھا کہ میں نے کچھ نہیں کہا۔

جناب چیئرمین: یہ (XXX)* لفظ استعمال نہ کریں، اس کو expunge کیا جاتا ہے، آپ کا شکریہ۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ہمیں وہاں سے گالیاں پڑتی ہیں تو expunge نہیں کی جاتیں۔

جناب چیئرمین: کوئی بات نہیں ہے، آپ کے ایوان کا اور معیار ہے، میں اور آپ ادھر کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! Joint Session تھا، میں معذرت سے آپ کے سامنے ہاتھ جوڑتا ہوں کہ ہم جب وہاں پر جاتے ہیں تو ہم ان کے مہمان بن کر جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: وہاں پر سپیکر صاحب نے expunge کر دیے تھے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! یہ سپیکر صاحب کا کام تھا کہ سپیکر صاحب اس وقت اس سے کہتے کہ آپ اس کو بند کریں، وہ اس کی بجائے female Senators کو کہتے ہیں کہ آپ بیٹھ جائیں اس لیے افسوس ہوتا ہے۔ یقین کریں کہ جس دن یہ بات ہوئی تو ان صاحب بہادر کا ایک نیا stance آیا۔ اس نے کہا کہ میں نے یہ نہیں کہا تھا، میں نے تو PTI کے سارے سینیٹرز کو کہا تھا، چلیں جی اس بات پر آ جاتے ہیں۔ ہم نے آپ کا کیا قصور کیا تھا، PTI کے سینیٹرز نے آپ کے ساتھ کیا کیا ہے؟ ہم سارے بھائی بیٹھتے ہیں، ایوان میں ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں، ایسے کبھی نہیں بولے لیکن اس کو کیا تکلیف ہوئی۔ مجھے جہاں تک یاد پڑتا ہے ہمارے تمام سینیٹرز بیٹھے ہیں، ہم کبھی سیالکوٹ گئے ہیں، اس کے ڈیرے پر گئے ہیں جس کی وجہ سے اس کو تکلیف پہنچی، ہم میں سے کوئی نہیں گیا۔ جب ہم وہاں نہیں گئے تو پھر اسے کیا تکلیف ہوئی لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ آدمی habitual ہے، یہ abuse کرتا ہے۔ مجھے تو تعجب ہے کہ میاں نواز شریف صاحب کو جو speeches لکھ کر دیتے ہیں انہیں یہ خیال کیوں نہیں آتا کہ وہ انہیں سمجھائیں کہ وہ ایسے الفاظ نہ استعمال کریں۔ اگر عمر کے اس حصے میں بھی وہ اتنے بد تمیز ہیں تو کیا یہ قبر میں جا کر

* *"Words expunged as ordered by the Chairman."*.

سیکھیں گے؟ قبر میں ایسے الفاظ پر جوتے پڑیں گے، وہاں پر کوئی عمر عطا بندیال یا سپریم کورٹ کے ججز تو نہیں آئیں گے جو انہیں گالیاں ملیں تو وہ کچھ نہیں مانیں گے۔ میں اپنے دوستوں سے یہ التجا کروں گا کہ وہ ان پر تھوڑا کنٹرول کریں۔ اس کا دو دن پہلے بیان آیا ہے جو اس کی پارٹی پر خود کش حملے کے مترادف ہے، یہ ان کی 16 ماہ والی حکومت کے stance کے مطابق ہے کہ ہمیں حکومت دی گئی تھی، ہمیں کہا جا رہا تھا کہ اپریل 19 میں آ جائیں، میں تو دو منٹ بات کرکے بیٹھ جاؤں گا، ایک انڈیا کی فلم ہے، وہ بہت مشہور فلم ہے، اس میں ایک مافیا ہوتا ہے جس کے پاس ایک MP جیسا بندہ آتا ہے جیسا کہ خواجہ آصف ہیں، وہ فلم میں اسے کہتا ہے کہ اگر میں چاہوں تو انڈیا کی حکومت ہٹا دوں، میں چاہوں تو MLA or CM کو ہٹا دوں۔ دوسرا بندہ اس سے کہتا ہے کہ پان کھاتے ہو تو وہ کہتا ہے کہ نہیں کھاتا۔ وہ پان اٹھا کر اس سے منہ میں ڈالتا ہے پھر کہتا ہے کہ پان کھایا کرو اس سے زبان کنٹرول میں رہتی ہے تو میں انہیں تجویز دوں گا کہ خواجہ آصف کو پان کھلائیں تاکہ وہ تھوڑی تمیز کریں، اگر یہ اس طرح سے بات کریں گے تو گالیاں ہمیں بھی دینی آتی ہیں۔ ہم انہیں گالیاں نہیں دیں گے کیونکہ یہ خود بڑی گالی ہیں۔ یہ کسی لیڈر کے لیے کہہ رہا ہے کہ وہ چوہا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ تمام لوگ یہاں بیٹھے ہیں، آپ آئینہ تو منگوائیں، یہ خود micky mouse ہے، یہ کیسے کسی کو چوہا کہہ سکتا ہے۔ پہلے اپنی شکل تو آئینہ میں دیکھے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر ہدایت اللہ صاحب۔ ابڑو صاحب آپ تشریف رکھیں۔

## Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark

سینیٹر ہدایت اللہ: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی)۔ جناب چیئرمین! جس طرح سے سویڈن اور ڈنمارک کا طریقہ بن چکا ہے کہ وہ عظیم الشان قرآن پاک کے ساتھ ایسا رویہ رکھتے ہیں کہ کبھی اسے جلاتے ہیں، کبھی اس کی توہین کرتے ہیں اور کبھی پھاڑتے ہیں، یہ ان کی مسلمانوں کے خلاف ایک سازش ہے۔ وہ قرآن پاک کو کچھ نہیں کہہ سکتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ میرا قرآن ہے اور اس کی حفاظت میں خود کرتا ہوں، کسی اور کی ضرورت نہیں ہے۔ یہاں میں نے جو آیت تلاوت کی اس میں تو ہم یہی کہتے ہیں کہ ہم تمام انبیاء کرام پر ایمان لاتے ہیں اس میں خصوصی طور پر حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ، حضرت یعقوبؑ۔۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: جی حاجی ہدایت اللہ صاحب۔

سینیٹر ہدایت اللہ: جناب چیئرمین! میں یہ کہہ رہا تھا کہ اسی قرآن پاک کی آیات ہیں کہ جو اسے جلانے کی مذموم جسارت کرتا ہے یا پھاڑتا ہے، اس میں بتایا گیا ہے کہ تمام انبیاء کرام حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ، حضرت اسحاقؑ، اس کی نسل کے جو لوگ انبیاء کرام میں آتے ہیں اس میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کو جو کتابیں دی گئی ہیں ہم انہیں بھی مانتے ہیں اور ہم یہی کہتے ہیں کہ (عربی) ہم اس میں کوئی فرق نہیں کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ جب ہم یہ کہتے ہیں تو پھر یہ ایسا کیوں کرتے ہیں لیکن میرے خیال میں ان لوگوں کا یہ اصول ہے کہ ہم مسلمانوں کے جذبات کو دیکھتے ہیں اور اسے چھیڑنے کی کوشش کرتے ہیں، ہمارے ایمان کو دیکھتے ہیں اور اسے چھیڑنے کی کوشش کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اس میں کتنا ایمان باقی ہے، شاعر کہتا ہے (پشتو)، یہ جو آندھی چلتی ہے یہ دیکھتے ہیں کہ جو راکھ بن چکی ہے اس میں کوئی چنگاری بھی ہے یا نہیں ہے۔ اس میں الحمدللہ بہت چنگاریاں ہیں، یہ اٹھنے والی ہیں اور یہ اٹھیں گی۔ اس سے ان شاءاللہ انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ہمیں اس بات پر سوچنا چاہیے کہ ہم نے تو بات کر دی، ہم یہاں پارلیمنٹ میں آ کر بات کرتے ہیں اور اس کی مذمت بھی کرتے ہیں، اس کے خلاف جلوس بھی نکالتے ہیں لیکن افسوس کوئی عملی اقدام نہیں کرتے جیسا کہ سفیر کو بلانا، اس کو بتانا یا اسے ملک بدر کرنا۔ ایسی چیزیں اس میں شامل ہو جائیں تو میرے خیال میں پورے ایوان کا یہ مطالبہ درست ہوگا۔

جناب چیئرمین! ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ ہمارے ملک میں کچھ ایسے واقعات ہوتے ہیں کہ اس پر ہم کوئی بات نہیں کرتے ہیں، ہم علماء کرام کی قدر و عزت کرتے ہیں کیونکہ (عربی) علماء کرام انبیاء کرام کے وارث ہیں تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ ہمارے آگے ہو جائیں اور ہم ان معاملات کو ختم کریں جو ہمارے ملک کے اندر ہو رہے ہیں۔ ابھی ایک مسجد میں دھماکہ ہوتا ہے تو ایسا نہیں ہے کہ مسجد صرف ایک عمارت ہے، اس کے اندر قرآن پاک کے نسخے بھی ہوتے ہیں، مسجد کے محراب اور ممبر بھی ہوتے ہیں، اس بارے بھی ہمیں سوچنا چاہیے کہ ہمارے ملک میں یہ کام کیوں ہو رہا ہے۔ ایک طرف بھی مسلمان ہیں اور دوسری طرف بھی مسلمان ہوتے ہیں جو دھماکوں میں مر جاتے ہیں اور قرآن پاک کے اوراق شہید ہو جاتے ہیں اور خون ان پر لگ جاتا ہے۔ اس پر بھی ہمیں بات کرنی ہوگی اور اس پر اٹھنا ہوگا، ہم اپنے علماء کرام سے درخواست کرتے ہیں کہ جس طرح سے ہم اس معاملے میں یکجا ہیں، ہم اٹھتے ہیں، اس کے خلاف بات کرتے ہیں، اس کے خلاف جلوس نکالتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ ہم اس ملک کے اندر جو واقعات ہو رہے ہیں ان کے خلاف جلوس بھی نکالیں، اس پر بات بھی کریں اور اس کے خلاف اقدامات بھی کریں۔ یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کاموں کو منع کرے کیونکہ KP میں جو لہر بڑھ چکی ہے، ابھی ایک نوجوان کو شہید کیا گیا

ہے۔اس ضلع کا ایک DPO جو وہاں کا افسر ہوتا ہے وہ IG کے سامنے رویا ہے وہ کہتا ہے کہ جناب ہم کیا کریں ہم کدھر جائیں۔ میرے خیال میں ریاست کو اس حوالے سے اقدامات کرنے چاہیں اور ایسے اقدامات ہونے چاہیں جن سے مسئلے حل ہو جائیں۔اس ملک میں خوشی آجائے اگر ایسا نہ ہوا تو میرے خیال سے ہمارا آنا جانا مشکل ہے۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ میں دیتا ہوں، Bill کو میں لیتا ہوں اس کو پہلے lay تو کرنے دیں۔ میں آپ سب کو موقع دوں گا ایسی بات نہیں تشریف رکھیں۔

Order No.8. Honourable Rana Sanaullah Khan Minister for Interior, on his behalf Mr. Shahdat Awan Minister of Satate for Law, please move Order N.8.

**Introduction of [The Prevention of violent Extremism Bill, 2023].**

Senator Shahdat Awan: I, Senator Shahadat Awan on behalf of Minister for Interior Rana Sanaullah Khan, introduce the Bill to provide for prevention of violent extremism [The Prevention of Violent Extremism Bill, 2023].

جناب چیئرمین: میں آپ کو موقع دیتا ہوں پہلے Bill lay تو ہونے دیں، Bill ابھی lay ہی نہیں ہوا ہے پہلے انہوں نے بات بھی کرلی تھی تشریف رکھیں۔

Senator Shahdat Awan: I, Senator Shahadat Awan on behalf of Minister for Interior Rana Sanaullah Khan, introduce the Bill to provide for prevention of violent extremism [The Prevention of Violent Extremism Bill, 2023].

سب دوستوں نے اس پر پہلے بات کرلی ہے۔.let me take item No.9. Sir

جناب چیئرمین: جی ایک منٹ۔ Is it opposed?

آپ سب بات کریں گے تو مجھے کچھ سمجھ نہیں آئے گی، آپ میں سے کوئی ایک بات کرے میں ضرور وقت دوں گا۔آپ تشریف رکھیں جس نے بات کرنی ہے میں وقت دیتا ہوں۔آپ کی amendments میں نے لی ہیں ابھی میں House میں put کروں گا، آپ نے جو 3

amendmentsدی ہیں وہ میرے پاس ہیں۔ مجھے پوچھنے تو دیں کہ Committeeمیں بھیجوں کہ نہیں آپ لوگ ہی کھڑے ہو گئے ہیں۔ میں پوچھ رہا ہوں نا ?Is it opposed یہ Committeeمیں بھیج دوں یا۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: Passageپہلے لے آئیں وہ اہم ہے۔ میں تو Houseسے پوچھ رہا ہوں، میری گزارش ہے آپ لوگ تشریف رکھیں میں بات کرنے کا سب کو موقع دوں گا اس طرح مجھے سمجھ نہیں آئے گی پھر میں passageپر لے جاتا ہوں آپ لوگ کیونکہ بات کر نہیں رہے ہیں، میں موقع دیتا ہوں کون بات کرے گا؟Leaderآپ ہیں آج کل؟ میں سمجھ لوں۔ ثانیہ بیٹھ جائیں.please

(مداخلت)

جناب چیئر مین: میں آپ کو موقع دوں گا اس سے پہلے لوں گا ہی نہیں جب تک آپ کی بات نہ سن لوں، کامران صاحب آپ تشریف رکھیں کیوں اس طرح کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: آپ پہلے اپنی Partyسے خود بات کرلیں Houseمیں تو اس پر بات نہ کریں، Houseمیں آپ اپنے Billپر تقریر کریں یہ آپ کا اختیار ہے۔ میں آپ کو ٹائم دے رہا ہوں بس ایک منٹ۔ مشاق صاحب آپ تشریف رکھیں، میں دیتا ہوں موقع آپ کو، جب تک آپ تقریر نہیں کریں گے میں نہیں کروں گا۔ میں آپ کی amendmentsلے چکا ہوں amendmentکے وقت پر بولیں نا، amendmentجب putکروں گا تب بولوں گا ابھی تو یہ فیصلہ ہونا ہے کہ یہ Committeeجا رہا ہے یا نہیں۔ تشریف رکھیں۔ جی سینیٹر ہمایوں مہمند۔

**Senator Dr. Mohammad Humayun Mohmand**

سینیٹر ڈاکٹر محمد ہمایوں مہمند: شکریہ جناب چیئر مین! جیسے پہلے صدیقی صاحب نے اس کے بارے میں کہا تھا یہ اتنا important Billہے جس سے بہت سارے لوگوں کی زندگیوں کو فرق پڑ سکتا ہے لیکن میں جب اس Billکو go throughکر رہا تھا مجھے ایسے لگ رہا تھا جیسے رانا ثناءاللہ نے اس Billکا نام تو violent extremismرکھا ہے لیکن actuallyوہ اس کو لکھنا چاہتے تھے،

To prevent PTI from taking part in the next elections.

مجھے اس کی ایک ایک شق میں سے بدبو آرہی تھی کہ یہ سارا کا سارا بل it is only targeting PTI اس کے پورے جو labelڈال رہے ہیں وہ کچھ اور ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں ان کے اتحادی JUIوالے یہ سب مل کر اس پر احتجاج کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس Bill کو آپ please Committee میں بھیجیں، اس Committee میں سارے لوگ بیٹھ کر اس پر discussion کریں کیونکہ جناب! اس کے بہت دور رس نتائج ہوں گے اور بہت سے لوگوں پر اس کا impactآئے گا۔ اگر ہم نے اسی طرح ہی کرنا ہے تو اس سے بہتر ہے آپ Martial Lawلگائیں یا partial lawلگائیں، ہم Parliament میں بیٹھے کیوں ہیں، let the Bill come and ہم اس کو discussہی نہ کریں، ختم کریں۔ جب ان کے اتحادیوں کو پتہ نہیں کہ Billآرہا ہے تو پھر باقیوں کو کیا پتہ ہوگا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی شکریہ ڈاکٹر صاحب آپ کا pointآگیا ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! ایک بات تو قرآن شریف کے حوالے سے تھی اس میں صرف اتنا کہوں گا کہ مشتاق صاحب کو آپ نے بلوایا ہے یقیناً اچھی بات ہے مگر تمام پارلیمانی لیڈرز کو بلوایئے تاکہ اس میں سنجیدگی کا پتہ چلے کہ تمام پارلیمانی لیڈرز۔۔۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی اچھی suggestion ہے کر لیتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: دوسری بات یہ ہے کہ جو بھی اس طرح کی Legislation ہوتی ہے، اس Legislation میں کم از کم اپنی اتحادی Parties کو اعتماد میں لیا جاتا ہے۔ یہ اس طرح کی Legislation ہے جس میں آپ اپنے ہاتھ کاٹ رہے ہیں آج شاید آپ کو یہ پتہ نہیں چل رہا کہ اس کا نشانہ پتہ نہیں کون بنے گا، یہ بنیں گے، میں بنوں گا، کوئی اور بنے گا، مگر جہاں پر fundamental rights کا مسئلہ آجاتا ہے، fundamental rights کو آپ کسی نہ کسی طریقے سے curtail کر رہے ہوتے ہیں اگر وہاں پر Legislation کرنی ہے اور اس رفتار سے کرنی ہے اور اس طرح سے چھٹیوں میں کرنی ہے تو پھر میں کم از کم ایک اتحادی سینیٹر کے طور پر مجھے نہیں پتہ کہ میری پارلیمانی پارٹی کا موقف کیا ہے مگر میں اس سے اپنی بریت کا اظہار کرتا ہوں۔ جب یہ ہم سب کے لیے مصیبت بنے گا تب یہ ہم سب کے لیے طعنہ ہو گا کہ ہم نے اس House میں بیٹھ کر آپ کی صدارت میں اس طرح کی Legislation کی تھی اس میں فلاں فلاں لوگ بھی موجود تھے۔ اس میں بڑے

بڑے نام باقی تو ہمارے جیسے چھوٹے ہیں مگر بڑے بڑے نام بھی تھے اور اس میں ہم نے یہ سارا کچھ کیا تھا تو خدا کے واسطے ایسی Legislation نہ لے کر آئیں جس سے Constitutional Articles offend ہو رہے ہوں، جس میں کسی کے fundamental rights لے لیں، جس میں آپ کے اپنے اتحادیوں کو ہی پتہ نہ ہو۔

جناب چیئرمین: طاہر بزنجو صاحب۔ آپ نے Bill پر پہلے بات تو کر لی تھی۔

**Senator Muhammad Tahir Bizenjo**

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب! میں نے پہلے ایک تجویز پیش کی تھی لیکن ابھی یہ لگ رہا ہے کہ ہمارے جو اتحادی ہیں کیونکہ سارے بڑے فیصلے تو بد قسمتی سے دو جماعتیں کر رہی ہیں ایک PPP اور دوسری PML(N).

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں گی اور آپ بھی اپنی سیٹ پر چلی جائیں تشریف رکھیں۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جو PDM میں جماعتیں ہیں PPP سے تو ہمیں کوئی شکایت نہیں ہے کیونکہ PPP PDM کا حصہ نہیں ہے لیکن PML(N) سے ہمیں سخت شکوہ ہے۔ اس period میں جتنے بھی لوگوں نے الٹی سیدھی legislation جو کی ہیں sorry to say کسی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا اور جہاں تک اس کا تعلق ہے یہ تو جمہوریت پر کھلا حملہ ہے۔ یہ آپ کا رک رک کر سانس لینے والی جمہوریت کے دن جناب چیئرمین! مجھے تو اس کی موت نظر آرہی ہے اور جو لوگ اس بات سے خوش ہیں آج کہ آج اس قانون کی زد میں کوئی اور آئے گا۔ جناب چیئرمین! Mark my words.

محترمہ تو جا رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: ادھر ہی ہیں آپ کی بات سن رہی ہیں۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: کل اس ملک میں جو بھی آئیں گے وہ پارلیمنٹ کی بالادستی کی بات کریں، اس ملک میں مظلوم قوموں کی بات کریں، کمزور طبقات کی بات کریں، سب سے پہلے وہ اس کا نشانہ بنے گا لہٰذا ہم اس Bill کی نہایت سختی سے مخالفت کرتے ہیں اور اگر اس کو پیش کیا گیا تو ہم token walk out کریں گے

جناب چیئرمین: سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری۔

## Senator Molana Abdul Ghafoor Haideri

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: ہمارے اتحادی بھائیوں کو پتہ نہیں چل رہا کہ کل ہمارے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ بد قسمتی سے جو حکومت اقتدار میں ہوتی ہے اس کو مستقبل کا اندازہ نہیں ہوتا لیکن پھندا پھر ان کے گلے میں ہی آکر پھنس جاتا ہے۔ دیکھیں! بہت سارے معاملات ہیں جو اس کی زد میں آ جائیں گے۔ کل آپ یہ قانون تھانیدار، ایس پی صاحب یا پولیس کے ہاتھ دیں گے۔ اگر آپ نے زور سے بھی کوئی نعرہ لگایا تو وہ کہے گا کہ آپ لوگوں کو تشدد پر اکسا رہے تھے اور کسی کے مارنے کی بات کی جا رہی تھی۔ جناب چیئرمین! حیرانگی کی بات یہ ہے۔ میں تھوڑا سا آپ سے بھی گلہ کرتا ہوں کہ آج اجلاس بلانے کی کیا ضرورت تھی؟ اس بل کو پاس کرنے کا مقصد تھا۔

جناب چیئرمین: بالکل نہیں۔ آپ اس دن موجود نہیں تھے۔ جس دن Business Advisory Committee کی میٹنگ تھی تو آپ قلات تشریف لے گئے تھے۔ آپ کے ساتھی میٹنگ میں موجود تھے۔ ان سے آپ معلوم کر لیں۔ مجھ سے زرا گلہ کم کریں۔ یہ ہاؤس کا مسئلہ ہے۔ جب دو دن سے زیادہ چھٹیاں ہوں تو وہ دن شمار نہیں ہوتے۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: شکر ہے کہ آپ نے اجلاس 10 محرم کو نہیں بلایا۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ جمعیت علمائے السلام اس بل کی مخالفت کرتی ہے۔ اگر کوئی بضد ہے کہ ہم نے اس کو پاس کرنا ہے تو ہم واک آؤٹ کریں گے۔

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: ہم ابھی سے واک آؤٹ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: حاجی صاحب! تشریف رکھیں۔ پہلے بل تو آ جائے۔ سینیٹر مشتاق احمد صاحب! دو منٹ سے زیادہ نہیں۔

## Senator Mushtaq Ahmed

سینیٹر مشتاق احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ بل جب صبح میں نے پڑھا تو میں نے اپنی amendments بھی جمع کی ہیں اور میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے ان کو accept کر لیا ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس بل کی مخالفت کر رہا ہوں۔ یہ ایک ایسا بل ہے جو کہ 33 Clauses اور 24 صفحات پر مشتمل ہے جو کہ صرف PTI کے خلاف نہیں ہے بلکہ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے خلاف ہے۔ یہ بل جمہوریت کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ Non-elected forces چاہتی ہیں کہ پارلیمنٹ کے ذریعے سے جمہوریت کی تدفین کی جائے۔ اس بل کے ذریعے جمہوریت کی تدفین کی جا رہی ہے۔ اس لیے میں اس بل کی مخالفت کر رہا ہوں۔ مجھے یہ حیرت ہے کہ کس طرح ایک حکومت نے

اپنے اتحادیوں کو بھی اعتماد میں نہیں لیااور یہ bill introduce کر دیا۔ یہ بل آج آپ ایک پارٹی کو target کرکے کر رہے ہیں لیکن کل یہ بل PDM کی تمام جماعتوں کے گلے کا پھندہ بنے گا۔ اس لیے میں اس بل کو مسترد کرتا ہوں۔ میں اس بل کے خلاف ہوں۔ جناب چیئرمین !آپ نے میرے کہنے پر اس کے بارے میں رولنگ دی ہے کہ اس بل کو کمیٹی میں بھیج دیں گے۔

جناب چیئرمین: میں نے کوئی رولنگ نہیں دی۔ میں نے کہا ہے کہ میں ہاؤس کا sense لیتا ہوں۔ آپ اپنے الفاظ میرے کھاتے میں نہ ڈالیں۔ شکریہ، آپ تشریف رکھیں۔ پہلے میری بات سن لیں۔ جب چیئرمین کہہ دیں کہ میں نے بات کرنی ہے تو آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین ! میری بات تو سنیں۔

جناب چیئرمین: میں آپ کی بات نہیں سنوں گا۔ آپ تشریف رکھیں۔ دوست محمد خان صاحب ! آپ بھی تشریف رکھیں۔ دیکھیں یہ بل routine matter تھا۔ آج اجلاس اس لیے بلایا گیا تھا۔ میں اس لیے clarification دے دوں کہ میڈیا پر بھی میں نے دیکھا ہے۔ حیدری صاحب ! جیسے senior کہنہ مشق former Deputy Chairman Senate نے یہ کہا کہ آج آپ نے اجلاس اس بل کے لیے بلایا ہے۔ اس بل کے لیے بالکل نہیں تھا۔ سیشن اس لیے بلایا تھا کہ Business Advisory Committee میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ days بھی پورے کرنے ہوتے ہیں۔ چھٹی جب دو دن سے تین دن ہو جائیں تو تین دن پھر شمار نہیں ہوتے۔ سارے پارلیمانی لیڈرز اس میٹنگ میں موجود تھے جس میں یہ فیصلہ ہوا تھا۔ اب میری گزارش یہ ہے کہ آپ سب نہیں چاہتے تو میں اس بل کو drop کرتا ہوں حکومت کرے یا نہ کرے۔ شکریہ۔ آگے چلیں۔ ٹھیک ہے۔ آگے چلیں۔

Order No. 11. Honourable Mr. Murtaza Javed Abbasi, Minister for Parliamentary Affairs, on his behalf, Senator Shahadat Awan Sahib, Minister of State for Law please move Order No. 11.

**The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023**

Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law): On behalf of Minister for Parliamentary Affairs, I hereby move that the Bill to provide for management and

regulation of Toshakhana [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. It has been moved that the Bill to provide for management and regulation of Toshakhana [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. We may now move on to second reading of the Bill. The question is that Clauses 2 to 7 do form part of the Bill?

*(The motion is carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and Clauses 2 to 7 stand part of the Bill. Now, we take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, The Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No. 12. Honourable Mr. Murtaza Javed Abbasi, Minister for Parliamentary Affairs, on his behalf, Senator Shahadat Awan Sahib, Minister of State for Law please move Order No. 12.

Senator Shahadat Awan: On behalf of Minister for Parliamentary Affairs, I hereby move that the Bill to provide for management and regulation of Toshakhana [The Toshakhana (Management and Regulation) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Bill stands passed.

سینیٹر رانا مقبول احمد: جناب چیئرمین! میرے کچھ motions تھے جو کہ آپ نے آج ایجنڈے میں شامل نہیں کیے ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ motions آج لا رہے ہیں۔ میڈم بھی کچھ کہہ رہی ہیں۔

سینیٹر شیری رحمٰن: ویسے رانا صاحب اگر آپ کے motions نیشنل اسمبلی سے پاس ہوگئے ہیں تو 7 اگست سے پہلے لانے ہوں گے نہیں تو سینیٹ کا اجلاس تو آگے بھی چلے گا۔ جناب چیئرمین! ایک گزارش ہے کہ Aviation کے جو bill آج پیش ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: میڈم! پہلے تو وہ bill lay کرنے دیں۔

Order No.13 is in the name of  Khwaja Saad Rafique, Minister for Aviation. On his behalf, honourable Minister of State for Law may please move the Order.

**[The Pakistan Airports Authority Bill, 2023]**

Senator Shahadat Awan: On behalf of Minister for Aviation, I hereby move that the Bill to establish the Pakistan Airports Authority for better administration, operation and development of airports and air transport services in Pakistan [The Pakistan Airports Authority Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? Now, I put this motion to the House.

*(The motion was carried)*

*(At this moment, Opposition Members walked out of the House)*

Mr. Chairman: Now, we take up second reading of the Bill. The question is that Clauses 2 to 5 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 5 stand part of the Bill. There is an amendment in Clause 6 in the name of honourable Senators Sana Jamali, Kauda Babar, Danesh Kumar, Prince Ahmed Umer Ahmedzai, Muhammad Abdul Qadir and Naseebullah

Bazai. Who is going to move the amendment? Senator Kauda Babar may please move the amendment.

Senator Kauda Babar: I hereby move that in the Pakistan Airports Authority Bill, 2023 as passed by the National Assembly, in Clause 6, sub-clause 1, in paragraph (f) for the words "three private members", the words "four private members" may be replaced.

Mr. Chairman: I now put this amendment to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The question is that Clause 6 as amended do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 6 as amended stands part of the Bill. We now take up Clause 7 to 72. The question is that Clauses 7 to 72 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 7 to 72 stand part of the Bill.

(اس موقع پر سینیٹر ثانیہ نشتر اپنی نشست پر کھڑی ہوئیں)

جناب چیئرمین: میڈم! کھڑے رہنے سے بات نہیں بنتی، میں نے پہلے بھی سمجھایا تھا۔ تشریف رکھیں۔ جب آپ مجھے کہیں گی، آپ کا mike on ہوگا تو میں موقع دے دوں گا۔ اس طرح نہیں ہوگا کہ کھڑے رہیں اور کہیں کہ مجھے time دیں۔ میڈم! مہربانی فرما کر تشریف رکھیں۔

(اس موقع پر سینیٹر ثانیہ نشتر ایوان سے واک آؤٹ کر گئیں)

Mr. Chairman: I now take up the Schedule. There is no amendment in Schedule. The question is that the Schedule do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Schedule stands part of the Bill. Now, we take up Clause 1, the Preamble and the Title. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.14 stands in the name of Khwaja Saad Rafique, Minister for Aviation. On his behalf, honourable Minister of State for Law may please move the Order.

Senator Shahadat Awan: On behalf of Minister for Aviation, I hereby move that the Bill to establish the Pakistan Airports Authority for better administration, operation and development of airports and air transport services in Pakistan [The Pakistan Airports Authority Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: Now, I put this motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed. Mushtaq sahib, may please speak.

**<u>Senator Mushtaq Ahmed</u>**

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، جب اس طرح کے bills آتے ہیں، یہ بڑے strategic bills ہیں تو انہیں کم از کم سینیٹ کی کمیٹی کو بھیجنا چاہیے اس لیے کہ قومی اسمبلی میں تو کوئی اپوزیشن موجود نہیں۔ سچی بات یہ ہے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن اس وقت عملاً موجود نہیں ہے۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس بل کو وہاں پر properly vet کیا گیا ہے۔ اس لیے اس بل کو یہاں ہمارے سینیٹ کی کمیٹی میں بھیجنا چاہیے۔ اس طرح کی haste اور haphazard انداز میں جب آپ legislation کرتے ہیں اور اپنے قواعد اور ضوابط کو روندتے ہیں تو اس کے نتیجے میں quality legislation نہیں ہوتی۔

اب سے چند دن پہلے انہوں نے ایک بندرگاہ عرب ممالک کو دی ہے جو کہ آپ کا ایک dollar earning project تھا۔ اس کو آپ نے اونے پونے داموں Gulf States کے حوالے کر دیا۔ اب آپ airports بیچ رہے ہیں۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم یہ سب

outsource کر رہے ہیں کیونکہ یہ دنیا کا طریقہ ہے اور پوری دنیا میں یہ practice ہے۔ بات یہ ہے کہ پوری دنیا میں تو اور بھی بہت سی اچھی practices ہیں، کبھی ان اچھی practices کے لیے بھی کوئی legislation کر لیں۔ آپ airports بیچ رہے ہیں، آپ PIA بیچ رہے ہیں، آپ سول ایوی ایشن بیچ رہے ہیں، آپ بندرگاہیں بیچ رہے ہیں، آپ نیشنل بینک بیچ رہے ہیں، آپ امریکا میں ہمارے اثاثے اور جائیدادیں بیچ رہے ہیں۔ آپ یہ کیا کر رہے ہیں جبکہ ہمیں پتا ہی نہیں ہے۔ آپ نے پارلیمنٹ کو ربڑ اسٹیمپ، پارلیمنٹ کو انگوٹھا چھاپ، پارلیمنٹ کو scripted کارروائی کا مرکز اور اسے redundant بنادیا ہے۔ یقین مانیے، اس ہاؤس میں بیٹھے کسی بندے نے یہ بل نہیں پڑھا ہے۔ جب ہم نے پڑھا نہیں ہے تو ہم اس پر کیسے debate کریں۔ ہم اس پر کیسے اپنی input دیں، ہم اسے کیسے vet کریں۔ للہذا، اس پارلیمنٹ کے ساتھ یہ مذاق ہے، اس جمہوریت کے ساتھ یہ مذاق ہے۔ آپ اپنے strategic assets صرف اس لیے بیچ رہے ہیں کہ آپ کو IMF نے کہا ہے۔ IMF اس پارلیمنٹ سے سپریم ہے۔ IMF کی dictation کے اوپر اس پارلیمنٹ کی legislative authority کو compromise کیا جاتا ہے۔ اس وقت آپ IMF کے لیے یہ قانون سازی کر رہے ہیں اور قیمتی اثاثے اونے پونے بیچ رہے ہیں۔ اس کو ہم مسترد کرتے ہیں، اس کی ہم مذمت کرتے ہیں اور یہ پارلیمنٹ کی توہین ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔ محترمہ سینیٹر ثانیہ نشتر صاحبہ۔ موجود نہیں ہیں۔

Now, we take up Order No.15 which stands in the name of Khwaja Saad Rafique, Minister for Aviation. On his behalf, honourable Minister of State for Law may please move the Order.

## **Introduction of [The Pakistan Civil Aviation Bill, 2023]**

Senator Shahadat Awan: On behalf of Minister for Aviation, I hereby move that the Bill to consolidate and amend the law for better regulation and control of civil aviation and to confer certain duties and powers on the Pakistan Civil Aviation Authority [The Pakistan Civil Aviation Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

جناب چیئرمین: اس کو ایک دن کے لیے کمیٹی بھیج دوں؟ بھیج دیا۔ ٹھیک ہے مشتاق صاحب! شکریہ۔ امید ہے اب آپ خوش ہوں گے۔

سینیٹر شہادت اعوان: مہربانی کریں اس کو ایک دن کے لیے بھیجیں۔

جناب چیئرمین: جی ایک دن کے لیے ہے۔ سینیٹر ہدایت اللہ صاحب! کل کمیٹی کی میٹنگ بلائیں۔

Now, we take up Order No.17 which stands in the name of Khwaja Saad Rafique, Minister for Aviation. On his behalf, honourable Minister of State for Law may please move the Order.

**The Pakistan Air Safety Investigation Bill, 2023**

Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law and Justice): Sir, I on behalf of Minister for Aviation move that the Bill to provide for better investigation of accidents and other incidents arising out of navigation of aircrafts [The Pakistan Air Safety Investigation Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

اسے کمیٹی میں بھیج دیں۔

Mr. Chairman: O.K referred to the Committee concerned.

جب حکومت مان لے تو میں کون ہوتا ہوں۔

Order No. 19. Senator Muhammad Talha Mehmood, Minister for Religious Affairs, on his behalf Minister of State for Law, please move Order No. 19.

**The Pakistan Ruet-e-Hilal Bill, 2023**

Senator Shahadat Awan: Sir, I on behalf of Minister for Religious Affairs and Interfaith Harmony move that the Bill to regulate the system of moon sighting for commencement of Islamic Hijri calendar months [The Pakistan Ruet-e-Hilal Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

یہ تو چاند دیکھنے والا Bill ہے، اس میں تو کچھ نہیں ہے،.let it be passed

جناب چیئرمین: حیدری صاحب! اسے pass کریں یا کمیٹی کو بھیج دیں؟

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: جی اسے کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب چیئرمین: جی اسے ایک دن کے لیے کمیٹی میں بھیج دیں، حیدری صاحب! کل اپنا اجلاس بلالیں اور اسے دیکھ لیں۔ شکریہ۔ سلیم صاحب! رانا مقبول صاحب کا Bill لے لیں، ان کا ایک private Bill ہے جو قومی اسمبلی سے آیا ہے۔

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جی لے لیں۔

جناب چیئرمین: آپ کے colleague کا Bill ہے، اسے لے لوں؟ ساری پارٹیاں ہاں کہہ رہی ہیں، رانا صاحب! لگتا ہے 'تسی lobbying کیتی اے'۔ آپ ادھر آ کر Bill دے دیں، تب تک میں ایک، دو تقاریر کروالیتا ہوں۔

Order No. 21 relates to the further discussion on the following motion moved by Mr. Murtaza Javed Abbasi, Minister for Parliamentary Affair, on 13th January, 2023:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 6th October, 2022".

جی سیف اللہ ابڑو صاحب۔ اس کے بعد Minister of State for Law آپ نے اسے wind up کرنا ہے۔ جی۔

**<u>Further discussion on the motion of thanks to express gratitude of the House on Presidential Address to the Parliament on 6th October, 2022</u>**

**<u>Senator Saifullah Abro</u>**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب چیئرمین! ایک سال ہو گیا ہے، یہ point agenda پر ہے، یہ اتنا اہم point ہے اور ابھی تک ایوان میں اس پر discussion نہیں ہوئی۔

جناب چیئرمین: اس پر کئی مرتبہ discussion ہو چکی ہے، مجھے طاہر بزنجو صاحب کی وہ باتیں بھی یاد ہیں جو انہوں نے کی تھیں، انہوں نے ہی start کیا تھا۔ ابڑو صاحب! اس پر کیسے discussion نہیں ہوئی؟ براہ مہربانی آپ اپنی بات کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب چیئرمین! ہمیں صدر صاحب کے خطاب پر اپنے comments دینے ہیں اور اپنی تقریر کرنی ہے کہ صدر صاحب کی یہ افادیت ہونی چاہیے، وہ ہونی چاہیے، انہوں نے خطاب میں کیا کہا، ملک کو کیسے چلایا جائے؟ کبھی ہم نے سوچا ہے کہ خود صدر

کی کتنی افادیت ہے؟ صدرِ پاکستان جو بڑا آئینی عہدہ ہے، آپ دیکھیں کہ یہ کہاں سے elect ہوتے ہیں، یہ چاروں صوبائی اسمبلیوں، قومی اسمبلی اور سینیٹ سے elect ہوتے ہیں، انہیں چھ ایوان ووٹ دیتے ہیں لیکن ان کی powers کو دیکھا جائے تو ان کے پاس چائے کے پیسے بھی نہیں ہیں۔ اس لیے اتنے بڑے عہدے کا کیا فائدہ ہے؟ مجھے تو آج تک یہ بات سمجھ نہیں آئی کہ سال میں ایک مرتبہ آکر Joint Session سے خطاب کرنا ہے تو میرے خیال میں پاکستان میں اتنے تکلیف دہ عہدے نہیں ہونے چاہییں۔ اس سے آسان طریقہ ہو سکتا ہے، یہ House of the Federation ہے، جہاں اتنی ترامیم ہوئی ہیں، ہم left and right سارے دوست اور بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، اسے آسان کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: شکر ہے آپ نے عہدہ ہی ختم نہیں کر دیا جس طرح آپ نے start لیا تھا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! بات یہ نہیں ہے، میں اسی طرف آتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ عہدے کو اس طریقے سے نہیں آنا چاہیے، یہ بڑے تکلیف دہ مراحل ہیں۔ آپ دیکھیں کہ صدر جب امیدوار ہوتا ہے تو ہر صوبے میں جاتا ہے، اس کے capital میں جا کر دو دن بیٹھتا ہے لیکن حالت یہ ہے کہ اس کے ہاتھ میں کچھ نہیں ہے، یہ Islamic Republic of Pakistan کا بہت بڑا عہدہ ہے جس کی powers nil ہیں۔

جناب والا! میری التجا ہے کہ اگر اس کے election کے طریقہ کار پر کوئی amendment آ جائے تو as a Member of PTI میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس کی حمایت کریں گے، House of the Federation میں equal representation ہے، جتنے اختیارات ہیں تو صرف اسے اس ایوان سے elect ہونا چاہیے باقی اسمبلیوں کو اس سلسلے میں تکلیف نہ دیں۔ یہ المیہ ہے کہ قومی اسمبلی کا Head پورے پاکستان کو جیسے چاہے الٹا سیدھا کرتا ہے، وہ ہفتے میں 50 Bills لے آتا ہے لیکن اِس کے پاس کچھ نہیں ہے۔ اس لیے جتنے اس کے اختیارات ہیں اتنا ہی اس کے election کے process کو بھی محدود کرنا چاہیے۔ اس سے اخراجات کی بھی بچت ہو گی، لوگوں کو تکلیف بھی نہیں ہو گی، جو بھی صدر بن کر آئے گا وہ بھی خوش رہے گا۔ اس کے لیے amendment لائیں، PTI اس کی حمایت کرے گی کہ اس ایوان میں صدر کا election ہونا چاہیے، سارے صوبے برابر ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ خود ممبر ہیں، آپ لے آئیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جی ہم لے آئیں گے۔ بات یہ ہے کہ یہ simple سی چیز ہو جائے۔ ہم جب بھی صدر کے ساتھ ملاقات کے لیے گئے، ابھی ایک acting President بھی بیٹھے ہوئے تھے، میں انہیں مبارکباد دینے گیا، یقین کریں بہت افسوس ہوا، جب وہ اپنے Chamber میں بیٹھتے ہیں تو اتنی refreshment آتی ہے کہ آدمی کھاتے کھاتے تھک جاتا ہے، وہاں گئے تو میں انتظار کرتا رہا، چائے کا آدھا کپ اور صرف ایک بسکٹ ملا، ایسے صدر کا کیا فائدہ؟ جب چائے پوری نہ ملے، بسکٹ پورے نہ ملیں تو بہتر ہے کہ اس کے انتخاب کو اتنا minimize کر دیں تاکہ انہیں آسانی ہو جائے۔ اس لیے میری آپ سے التجا ہے اور آج شہادت اعوان صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، اگر یہ اسے conclude کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ اگر آپ مجھے وقت دیں گے تو میں اس پر زیادہ بھی بات کر سکتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، معزز سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی صاحب۔

**<u>Syed Yousuf Raza Gillani</u>**

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ Item No. 21 پر ایوان نے vote of thanks کے لیے express کرنا ہے، last time میں نے request کی تھی، میں آج دوبارہ بات کروں گا کہ ابھی صدر کی position پر بات ہو رہی تھی، میں انہیں صرف سمجھانا چاہتا ہوں کہ President is the symbol of Federation, like the Upper House, he is the Supreme Commander of the armed forces, اس سے ہٹ کر اسے تمام اسمبلیوں نے ووٹ دیا ہوا ہے اور آئین میں ان کا role ہے۔ آپ نے کئی مرتبہ خود دیکھا کہ جب چاہتے ہیں وہ کچھ روک لیتے ہیں اور اگر نہیں چاہتے تو نہیں روکتے۔ ان کی بہت ساری activities ہیں لیکن it depends on the party, جس پارٹی کے وہ صدر ہوں گے، اگر وہ پارٹی اس کی respect نہیں کرے گی تو پھر کون respect کرے گا؟ اس لیے یہ PTI کے تھے، ہیں جب صدر بن جائیں تو neutral ہو جاتے ہیں، وہ controversial نہیں رہتے۔ آصف علی زرداری بھی صدر رہے، باقی صدور بھی رہے لیکن ان کی پارٹیوں نے ان کی support کی۔ اگر آپ کی پارٹی نے انہیں support نہیں کیا تو یہ office کا قصور نہیں ہے، یہ پارٹی پر depend کرتا ہے۔

اس لیے میں صرف یہی کہوں گا کہ in the respect of the position, office, میں انہیں ایک اور بھی information دینا چاہتا ہوں کہ the President of the Pakistan has complete immunity inside

and outside the country, صرف ہمارے صدر نہیں بلکہ پوری دنیا کے صدور کو immunity حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے میری گزارش ہو گی کہ آج وزیر مملکت برائے قانون اسے wind up کر دیں کیونکہ یہ item agenda پر ایک سال سے چل رہا ہے، بار بار یہ agenda پر آنا اور PTI کی طرف سے بھی انہیں vote of thanks نہ دینا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ disgrace of the office ہے، یہ اپنا ملبہ کسی اور پر نہ پھینکیں۔ اگر آپ نے ان کی بات کرنی ہے تو کریں، آپ نے ایک سال بات نہیں کی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ابڑو صاحب! براہ مہربانی no cross talk جب کوئی بات کر رہا ہو تو آپ ایسے نہ کریں۔ میری گزارش ہے کہ آپ cross talk نہ کریں اور تشریف رکھیں۔ جی۔

Syed Yousuf Raza Gillani: I think he should address the Chair.

میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایک سال سے روزانہ یہ item آ رہا ہے۔ اگر آپ نے vote of thanks دینا ہے، ان کے بارے میں اگر کوئی بات کرنی ہے تو ابھی کر لیں، اس پر کوئی پابندی تو نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جناب والا! ابھی conclude کر رہے ہیں۔ Honourable Minister of State for Law.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: کس چیز کے لیے؟ وہ conclude کر لیں، اس کے بعد آپ کی باری ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس کے بعد آپ کو موقع دوں گا، جی شہادت اعوان صاحب! براہ مہربانی conclude کر لیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی شہادت اعوان صاحب۔ میں اس کے بعد آپ کو موقع دوں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: نہیں، میں اس کے بعد آپ کو دیتا ہوں، وہ conclude کر دیں، اس کے بعد آپ کی باری ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: پہلے ان کو conclude کرنے دیں، اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں ۔ جی شہادت صاحب، please conclude کریں۔

(مداخلت)

**Senator Shahadat Awan, Minister of State for Law**

سینیٹر شہادت اعوان: جناب، میری اس میں گزارش یہ ہوگی، جناب میں اس میں گزارش کروں گا، اپنے صدر کا احترام کریں۔ پہلے آپ نے President of Pakistan کے لئے، میں اپنے دوستوں کو یہ کہوں گا کہ جب بھی یہ ایجنڈے میں لگا، یہی میرے دوست یہاں موجود تھے لیکن کسی دوست نے، میں تو یہ نہیں کہوں گا کہ زحمت نہیں کی، کسی کے پاس وقت نہیں تھا کہ اس پر کچھ بولتے۔

میں کہتا ہوں کہ on the contrary اتنے بڑے عہدے کی ہم وہ عزت نہیں کرتے کہ اگر ایجنڈے میں لگا اور کوئی دوست جو آج آپ کہہ رہے ہیں، آپ کو چاہیے تھا کہ اس پر بولتے۔ جناب، اس میں یہ ایک سال سے لگا ہوا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پارلیمانی سال تقریباً ختم ہونے والا ہے، tenure ختم ہونے والا ہے تو اس کو conclude کیا جائے۔

جناب، میرا یہ کہنا ہے کہ اس issue پر، جوان کی speech تھی اس پر سیر حاصل بات ہوچکی ہے تو میں اس کو conclude کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Now, I put this motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried unanimously. Yes, honourable Senator Dost Muhammad Khan Sahib.

**Point of Public Importance raised by Senator Dost Muhammad Khan regarding renaming of upper Waziristan district as Mehsud district**

سینیٹر دوست محمد خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ اگر آپ کو یاد ہو تو، میں آپ کو آپ کا وعدہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ایک سال پہلے میں نے ایک تقریر کی تھی تو آپ اور وزیر قانون نے مجھے assurance دی تھی، on the floor of the House. کہ میں وزیراعظم کو

آپ کا یہ لیٹر بھیجوں گا، آپ کی یہ request بھیجوں گا۔ request یہ تھی کہ فاٹا کو ایک Additional Chief Secretary دے دیا جائے اور اس کا separate account ہو، نمبر ایک۔

نمبر 2، سروے کے نام پر ورلڈ بنک نے 2015 میں چار چار لاکھ روپے کا وعدہ کیا تھا، جناب آدھے لوگوں کو ملے ہیں، آدھے لوگوں کو نہیں ملے۔ جناب، ادھر development کے نام پر جو خزانے کا بٹوارہ ہو رہا ہے وہ الگ کہانی ہے۔ میری گزارش ہے کہ فاٹا کے بڑے گھمبیر مسائل ہیں اور لوگ دہشت گردی کی طرف بہت زیادہ بڑھ رہے ہیں۔

میری آپ سے گزارش ہے کہ اگر آپ لوگوں کے hearts and minds جیتنا چاہتے ہیں تو دو کام کریں۔ ایک، سروے کے نام جو پیسے ہمیں ورلڈ بنک نے دیے تھے وہ دے دیں۔ دوسری بات یہ ہے ڈیڑھ دو سال پہلے ہمارے ساؤتھ وزیرستان کو دو حصوں میں bifurcate کیا گیا۔ اس وقت کے کور کمانڈر نے بھی ہم سے agree کیا، اس وقت کے وزیراعلیٰ نے ہم سے agree کیا کہ ہم جو دونوں اضلاع، ایک اپر وزیرستان اور ایک لوئیر وزیرستان، محسود ایریا جو اپر وزیرستان میں ہے، اس کو ہم محسود district کا نام دیں گے۔ جناب، ابھی نہیں دیا گیا ہے، وہی اپر وزیرستان اور لوئر وزیرستان، جناب ادھر بھی وزیرستان، ادھر بھی وزیرستان، میرا وزیریوں کے ساتھ کوئی خار نہیں ہے، وہ میرے بھائی ہیں، ہمارا ایک ہی خون ہے لیکن جناب ابھی کی مردم شماری میں ہم ساڑھے پانچ لاکھ ہیں اور وزیری ڈھائی لاکھ ہیں۔ یہ ہمارے ساتھ بڑا ظلم ہے۔

اس لئے اگر آپ ہمیں نام دینا چاہتے ہیں تو مہربانی کر کے محسود district کا نام دے دیں۔ میں تمام ایوان سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک unanimous Resolution pass کر دیں اور خیبر پختون خوا حکومت کو بھیج دیں کہ اس کا نام محسود district ہو جائے۔ میں پھر کہہ رہا ہوں کہ محسود ایسی قوم ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب، آپ ایوان میں قرارداد لائیں، سوموار کو ہم لگا دیں گے۔

سینیٹر دوست محمد خان: چلو جی، ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی؟ معزز سینیٹر ثانیہ نشتر۔

**Point of Public Importance raised by Senator Sania Nishtar regarding hasty legislation**

سینیٹر ثانیہ نشتر: چیئرمین صاحب! مجھے floorدینے کا شکریہ۔ .I will be very brief اور جوآج دونوں key legislationsآئی ہیں، میں اس پر مختصراًبات کرنا چاہتی ہوں۔

ایک توجوCivil Aviation Amendment Actہے، اس میں پہلے تو یہ کہ یہ رات کو دیر سے آتے ہیں، پھر ہم فجر کے بعد بیٹھ کر پڑھتے ہیں تو دو چیزیںcaught my eye, I thoughtمیں یہpoint outکردوں،

جناب چیئرمین: میڈم، وہ کمیٹی میں چلا گیا۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: جناب، آپ نے بڑا اچھا کیا کمیٹی میں بھیج دیا مگر میں دو چیزیںpoint outکرنا چاہتی ہوں کیونکہ میں کمیٹی میں نہیں ہوں۔ ایک تو(Section 5, Powers of the Investigators,5(a میں لکھا ہوا ہے کہ The powers to regulate, prohibit and control access to the scene of the accident, serious incident and incidentتوایسا کیوں ہے کہ ان کو یہ prerogativeدیا گیا ہے کہ یہ لوگوں کا scene of accidentپر access controlکریں،this has safety implication, No.1. No.2. Page 20 and 21, پر Clause No.37, اس سے بڑاClause No.40, the act to override other laws ہے۔ دی گئی wide indemnityمیں بڑی broad overriding effectہے اور No.41, exclusion of the jurisdiction of court, I mean why is this, I failed to understandکہ آپ ان کو wide indemnityبھی دے رہے ہیں، ایکٹ میں overriding clausesبھی ہیں،courts' jurisdiction بھی ختم کر رہے ہیں تو میری گزارش ہے کہ اس کوkindlyدیکھ لیجئے۔

چیئرمین صاحب! آپ کی اجازت سے میرا دوسرا comment, Prevention of Violent Extremism Actپر تھا۔ کوئی بھی اس بات سے انحراف نہیں کرے گا کہ terrorismپر ہمارے legal frameworks ہونے چاہیئیں۔ I know,یہ بھی کمیٹی میں گیا ہےbut everybody made commentsتو اگر آپ کی اجازت ہو تو۔۔۔

جناب چیئرمین: جی، جی۔ بولیں، بولیں جی، کوئی بات نہیں۔ پھر اس دن نہیں بولیں گی جس دن بل ہے۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: جی، بالکل، آپ کی.instructions are well noted دیکھیں، was saying کہ کوئی اس بات سے اختلاف نہیں کرے گا کہ terrorism کے بارے میں legal framework ہونا چاہیے۔ کوئی بھی اس بات سے اختلاف نہیں کرے گا کہ prevention of violent extremism کا legal framework نہیں ہونا چاہیے مگر کیا اس کے لئے ہر قسم کی means جائز ہیں؟ There is a fine line between the means and between human rights, between freedom of expression, freedom of information, rule of law, access to fair trial. تو اس بات پر بڑی careful سوچ بچار کی ضرورت ہے، بڑی wide consultation کی ضرورت ہے اور ہمارے پاس ایک مثال موجود ہے کہ 22 مارچ 2023 کو ایک similar Act سری لنکا میں آیا تھا جس پر بڑی wide condemnation ہو رہی ہے specially International Human Rights Committees and watchdogs کی طرف سے، چار چیزیں، میں آپ کی اجازت سے جو weaknesses point out کرنا چاہتی ہوں کیونکہ آپ نے اچھا فیصلہ کیا کہ یہ کمیٹی میں گیا تو اگر کمیٹی یہ consider کرلے، پہلے تو یہ ہے کہ government officials کی بڑی wide discretion ہے، definitions بڑی open رکھی گئی ہیں، حکومت کو wide indemnity دی گئی ہے، وفاقی حکومت کی Clause 29, rule making کے حوالے سے بڑی wide discretion ہیں اور listed schedule 5.6 کو amend کرنے کے حوالے سے listed schedule amend کرنے کی wide discretion, law کے منظور ہونے کے بعد بھی وفاقی حکومت کے پاس ہوگی جس کو وہ کسی وقت بھی exploit کر سکتے ہیں۔ Section 11 کسی بھی facility کو وفاقی حکومت radicalization Centre قرار دے سکتی ہے۔ Section 26, Special Prosecutors وہ لگا سکتی ہے، Section 28 کسی طرح کی human resource کو یہ mandate assign کر سکتی ہے، Section 14, Educational Institutions کو یہ mandate دے سکتی ہے اور یہ پورا نظام اس کے لئے استعمال ہو سکتا ہے اور Review Committee پوری طرح حکومت کے کنٹرول کے نیچے ہے۔

نمبر 2، اس کے under offenses non-bailable ہیں، cognizable ہیں، non-compoundable ہیں اور میرے تمام colleagues جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، and I must commend Irfan Siddiqui Sahib and

Kamran Murtaza Sahib for voicing their concerns، جب حکومت کے پاس wide discretion ہو اور اس کے ساتھ آپ offenses کو non-bailable, cognizable, non-compoundable کردیں ، ایک ایسے environment میں جہاں corruption is institutionalized in every department تو ہم کیا environment بنانے جارہے ہیں، اس law کے حوالے سے اگر ہماری نیت اچھی بھی ہو کے کنٹرول میں ہے اور اگر آپ Number 3, review process بالکل حکومت کے control میں ہے اور اگر آپ international best practices دیکھیں اور اگر خاص طور پر United Kingdom کی practice دیکھیں تو وہاں پر anti-terrorism legislation اور اس کے legal framework میں ایک independent review process ہوتا ہے جو حکومت سے بالکل علیحدہ ہوتا ہے، اس کی annual reports ہوتی ہیں، وہ mandated ہوتی ہیں، وہ شائع ہوتی ہیں، ان کو independent لوگ لکھتے ہیں اور ایک privacy and civil liberties کا institutional framework بھی ہوتا ہے لیکن یہاں پر independent mechanism کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ لہٰذا اس کو براہ مہربانی اس میں ڈالیں۔

جناب چیئرمین: ویسے میں ایک suggestion دوں؟

سینیٹر ثانیہ نشتر: جی۔

جناب چیئرمین: آپ آج جو یہ باتیں کر رہی ہیں، اس سلسلے میں اگر آپ amendments آج سیکریٹریٹ کو دے دیں تو جس جس clause میں آپ amendment کرتے ہیں اس دن ہم اسے House میں put کر دیں گے۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: میں بالکل دے دوں گی۔

جناب چیئرمین: Bill تو drop ہو گیا لیکن amendments تو دے سکتے ہیں۔ Bill notice تو ہوا ہے، سب کو گھروں میں مل چکا ہے، notice ہو چکا ہے۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: جناب والا! آپ نے بہت اچھی تجویز دی میں آج ہی amendments دے دوں گی

but I just need thirty seconds more with your permission

جناب چیئرمین: جی اجازت ہے تیس سیکنڈ کی۔

Senator Sania Nishtar: The fourth issue is that under this framework where there are offences of non-bailable, cognizable, non-compoundable,

جہاں حکومت کو wide discretion ہے، جہاں review process میں کوئی independence نہیں ہے، وہاں پر کسی بھی individual کو، صرف offender نہیں اس کے کسی associate کو اور associate کی definition نہیں لکھی، اس کی movementآپ restrict کر سکتے ہیں، اس کو آپ confine to an area کر سکتے ہیں، اس کی all kinds of access to communicationآپ curb کر سکتے ہیں، اس کے assets freeze کر سکتے ہیں، آپ اس کا passport impound کر سکتے ہیں، اس کے اسلحہ لائسنس منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ mandate کر رہے ہیں financial institutions کو کہ اس کو کوئی loan نہ دے، آپ اس کو prescribe کر سکتے ہیں کہ وہ کیسے behave کرے اور آپ اس کو de-radicalization centre میں ڈال سکتے ہیں، اس کو arbitrary detention میں ڈال سکتے ہیں، حکومت اپنی مرضی سے rules change کر سکتی ہے

and forever that person can be sent to the gallows. So, I am not doubting anyone's intention.

میں یہ بھی نہیں کہہ رہی کہ ہمیں legal framework نہیں چاہیے لیکن اس قسم کے framework کے دور رس نتائج ہوتے ہیں

not just domestically with regards to the ability of the state institutions to abuse but it also have implications for our standing in the international comity of nations and how we are perceived in the human rights council and our GSP plus status.

آپ نے بہت اچھا کیا کہ اس کو کمیٹی میں بھیجا، اس کو please review کیجیے۔

جناب چیئرمین: اس کو میں نے آج drop کر دیا ہے تاکہ next working day پر لے کر آئیں اور کہیں ایسا نہ کہیں کہ اسی لیے چھٹی کے دن اجلاس بلایا تھا۔ صرف اس وجہ سے کمیٹی کو بھیجا ہے تاکہ لوگوں کو بات کرنے کا موقع نہ دیں۔ محترم وزیر مملکت برائے قانون۔

**Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law)**

سینیٹر شہادت اعوان: (وزیر مملکت برائے قانون): یہ بہت important Bill تھا اور پہلی بات تو یہ کہ آپ نے اس کو defer کیا ہے کمیٹی نہیں گیا اور اس کے علاوہ statement of objects and reasons of the Bill تمام دوست پڑھ لیں اس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ جو UNHCR's Resolution 2178 and Resolution 2354 یہ اس کے پس منظر میں ملک و قوم کے مفاد میں یہ قانون سازی کی گئی ہے اور Section 3 بھی پڑھ لیں کہ violent extremism ہے کیا؟

جناب چیئرمین: اس کو working day پر لے آئیں گے۔

سینیٹر شہادت اعوان: (وزیر مملکت برائے قانون): ہم انتہا پسندی کے خلاف ہیں، پر تشدد انتہا پسندی کے حق میں کون ہے؟ اس کو روکنے کے لیے یہ legislation کی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر فوزیہ ارشد۔ مشتاق صاحب اگر آپ کی اجازت ہو تو براہ مہربانی پیچھے والے بھی بول لیں۔ صرف چار مرتبہ صبح سے ابھی تک آپ بول چکے ہیں اور پانچویں مرتبہ کے لیے بھی آپ کو شدت سے انتظار ہے۔ میڈم کے بعد آپ کے Bills لیتے ہیں۔ اچھا ہے کہ اس وقت قائد ایوان بھی آ گئے ہیں۔ ان سے بھی پوچھ لیں گے۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ سب سے پہلے تو میں ہمیشہ کی طرح سینیٹر مشتاق صاحب کی شکر گزار ہوں کہ اس مرتبہ جو انہوں نے قرآن پاک کی بے حرمتی کے بارے میں جو ذکر کیا اور OIC میں جو قرارداد پیش ہونے جا رہی ہے اس میں جو وہ اپنے کچھ نکات دینا چاہتے ہیں اور مجھے خوشی ہو گی اگر یہ مجھے بھی اس میں شامل کر لیں۔

I would like to be a part of it.

دوسری بات یہ ہے کہ اسلام تو امن کا پیغام دیتا ہے، جس میں صبر اور برداشت بھی ہے اور ہماری حکومت اس سلسلے میں جو بھی قانون سازی کرے گی تو اس میں ضروری ہے کہ we have to keep in mind our minorities اور ایک ایسی قانون سازی ہو جو سب کو قابل قبول ہو۔

سب سے اہم بات جو میں کرنا چاہ رہی ہوں وہ یہ ہے کہ جب ہمارا مشترکہ اجلاس ہوا تھا تو ہماری PTI کی خواتین کے بارے میں جو باتیں کی گئی تھیں، اس پر دو دن پہلے ہم نے جب یہاں پر ایک protest کیا تھا اور کہا تھا کہ وزیر دفاع اپنے الفاظ واپس لیں یا معافی مانگیں یا وہ ایوان میں موجود نہ ہوں پھر ہم ایوان میں آئیں گے۔ مگر مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ میں نے کئی مرتبہ بٹن دبایا کہ میں اس موضوع پر کچھ بات کروں مگر مجھے موقع نہیں ملا۔ خیر ہے، دیر آید درست آید۔

بات اتنی ہوتی ہے کہ انسان کو اپنے کردار کی بات کرنی چاہیے، دوسروں کو مشروط کرکے بات نہیں کرنی چاہیے۔ پہلے انہوں نے کہا کہ میں نے with reference to the context یہ بات سب کے لیے کی تھی and I did not point out the ladies only. لیکن پھر کچھ ہی دیر بعد انہوں نے یہ بھی اعتراف کیا directly or indirectly, I do not know, he said, کہ پہلے Chairman, PTI ہماری خواتین کے بارے میں جو باتیں کرتا ہے، وہ اس کی معافی مانگے، پھر میں معافی مانگوں گا۔ ان کے یہ بیانات کتنے contradictory تھے۔ ان بیانات کی روشنی میں میں پھر سے احتجاج کرتی ہوں۔ پھر وہ ادھر سے ہو کر قومی اسمبلی میں گئے، وہاں پر بھی انہوں نے یہی باتیں دہرائیں۔ ساری بات یہ ہے کہ یہ ان کا وتیرہ ہے، تربیت ہے یا کیا ہے، مجھے نہیں معلوم لیکن مجھے یہ معلوم ہے کہ یہ ہمیشہ ہر ایک کو کوئی نہ کوئی derogatory لقب دے کر اس سے مخاطب ہوتے ہیں۔ میری معلومات کے مطابق انہوں نے ہی سب سے پہلے JUI کے سربراہ کو ڈیزل کہہ کر پکارا تھا۔ یہی صاحب ہیں جنہوں نے قومی اسمبلی میں ہماری معزز شیریں مزاری صاحبہ کو ٹریکٹر ٹرالی کہہ کر مخاطب کیا۔ یہ تو ان کا وتیرہ ہے، ان کی عادت ہے اور یہ اس طرح on the floor of the House یہاں پر یہ کہیں کہ میں نے ایسی کچھ بات نہیں کی اور میں نے اور ڈاکٹر مہر تاج نے آپ سے بھی بہت التجا کی کہ ان سے کہیں کہ وہ اگر معافی نہیں مانگتے تو اپنے الفاظ واپس لیں۔ میں نے آپ سے یہ بھی کہا کہ you are the custodian of us, the Senators اور ہماری بے عزتی آپ پر بھی point ہوتی ہے۔ ہم آپ سے یہ پھر التجا کرتے ہیں کہ یہاں پر ہمارا کوئی بھی بھائی ہو، سب قابل احترام ہیں، سب عزت دار لوگ ہیں جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کوئی بھی یہاں پر خراب گھرانے سے نہیں آیا ہوا ہے۔ یہاں پر اگر ہم سب برابر ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہماری عزت پامال کی جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ میڈم۔ آپ کا بہت شکریہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب والا! میں چاہتی ہوں کہ آپ as a Chairman of the Senate اس پر ضرور کوئی action لیں تاکہ جو ہم چار خواتین کی مشترکہ اجلاس میں بے عزتی ہوئی ہے اور جو انہوں نے یہاں آکر غلط بیانی کی ہے۔ What is this? What is he trying to prove? مطلب یہ کہ وہ ایک ہی سانس میں غلط باتیں بھی کریں اور ہم ان کو مان لیں اور آپ یہاں پر ہمیں safeguard بھی نہ کریں۔ This is not acceptable, sir.

جناب چیئرمین: جی، سینیٹر عابدہ عظیم۔

سینیٹر عابدہ محمد عظیم: جناب چیئرمین! موجودہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے لیے CSS کے special exams کا اعلان کیا ہے۔ لوگ اس امتحان کی تیاری کر رہے تھے کہ اسی دوران اچانک سے Balochistan Public Service Commission نے PCS کے دوسری تاریخ کا اعلان کر دیا ہے جس کی وجہ سے بلوچستان کے نوجوان ایک ساتھ دونوں امتحان نہیں دے سکیں گے۔

جناب چیئرمین! بلوچستان پبلک سروس کمیشن بلوچستان CM کے ماتحت ہے، میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ آپ CM صاحب کو۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ صوبائی subject ہے میں انہیں کہہ دوں گا۔

سینیٹر عابدہ محمد عظیم: اس کو کم از کم اپریل تک ملتوی کر دیں۔

جناب چیئرمین: میں گزارش کر دوں گا باقی ان کی مرضی ہے، کیوں کہ یہ صوبائی subject ہے۔

سینیٹر عابدہ محمد عظیم: جناب والا! کم از کم اس کو اپریل تک ملتوی کر دیں۔

جناب چیئرمین: اچھا کوشش کرتے ہیں۔ سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی صاحبہ، سابقہ صوبائی ڈپٹی اسپیکر خیبر پختون خوا، یہ بڑی سخت ڈپٹی اسپیکر ہوا کرتی تھی۔

**<u>Point of Public Importance raised by Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani regarding domestic violence incidents in the country</u>**

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: شکریہ جناب چیئرمین! ایک جنرل اور ایک specific بات ہے، جنرل یہ ہے جو بل آتے ہیں، مہربانی کرکے یہ ایک دن پہلے بھیجا کریں، یہاں پر super human پڑھ سکتے ہیں، میں تو human being ہوں، human being تو نہیں پڑھ سکتے۔

جناب چیئرمین: میڈم یہ بل چار دن پہلے نوٹس ہو کر آپ کے گھر آ چکے ہیں۔

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: I am not talking for today, I am talking for every day.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے یہ تو clear ہو گیا چار دن پہلے آپ کو بل مل چکے تھے، شکریہ۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: دوسری بات that is a point, I have been bombarded by the paediatricians of the country, کہتے ہیں کہ being a child specialist تم نے جا کر childs کے لیے کیا کہا؟ Pakistan Paediatrics Association کہتی ہے کہ drug addicts بچوں کے لیے ہم لڑ رہے ہیں، sexually abused children کے لیے ہم لڑ رہے ہیں۔ On top of that یہ جو domestic violence کا واقعہ ہوا ہے وہ کہتے ہیں کہ تمہارے سینیٹ سے ایک بندے نے بھی آواز نہیں اٹھائی، تم تو آواز اٹھا لیتی اگر کسی اور نے نہیں اٹھائی۔ جناب چیئرمین! ہم نے خدا کو جواب دینا ہوگا اور آپ کو زیادہ جواب اس لیے دینا ہوگا کہ طاقت زیادہ ہے، آپ چیئر پر بیٹھے ہیں، اس بچی کے ساتھ جو ہوا ہے، you can know شکر ہے ventilator سے تو اتر آئی ہے لیکن میرا اپنا خیال یہ تھا اس پر Chief Justice صاحب suo moto notice لے لیں گے لیکن Chief Justice صاحب نے suo moto notice نہیں لیا، مہربانی کرکے یہ مسئلہ Human Rights Committee کو بھیج دیں، کیوں کہ میرے paediatricians مجھے نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: میڈم بھیج دیا۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: بھیج دیا؟ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر عمر فاروق صاحب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Umar Farooq regarding law and order situation in the country

سینیٹر عمر فاروق: شکریہ جناب چیئرمین! میں generally ایک بات کروں گا House of Federation میں جب بھی بل آتے ہیں یا جب سے یہ حکومت بنی ہے اس کے جب بھی بل آئے ہیں، اس کا طریقہ کار یہ ہوتا تھا کہ پہلے سب بیٹھ کر ان چیزوں کو discuss کر کے amendments کرکے پھر وہ بل لاتے تھے لیکن افسوس کی بات یہ ہے، آج ایک تو ہمیں خوشی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میں PDM کا حصہ نہیں ہوں، عوامی نیشنل پارٹی اس سے نکلی ہوئی ہے اور دوسری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم ان کی اتحادی جماعت ہیں۔ میں تو یہ مشورہ دوں گا جلد از جلد الیکشن کی طرف جائیں، 8,10 تاریخ کو ہماری اس وفاقی حکومت سے جان چھوٹ جائے اور آنے والے الیکشن میں اللہ پاک ان کو اتنی طاقت دے کہ یہ خود اکیلے اپنی حکومت بنائیں اور ہم opposition میں بیٹھ کر ان کا مقابلہ کریں۔ میں یہ بات اس لیے کر رہا ہوں کہ جتنے بھی بل ہیں وہ سارے بل terrorism پر آرہے ہیں، ہم نے ان کو جتنے بھی اختیارات دیے ہیں کیا ہم نے آج تک ان کو یہاں پر بلایا ہے؟ کیا ان سے پوچھا ہے کہ اتنے اختیارات دینے کے باوجود، اتنے زیادہ operation کرنے کے باوجود، اتنی زیادہ تباہی مچانے کے باوجود آج terrorism کیوں بڑھ رہی ہے؟ اور یہ ایک عجیب طریقہ ہے terrorism صرف ہمارے پشتون belt میں ہے، صرف ہمارے پشتونوں پر operation ہوں گے تو کچے کے علاقے میں operation کون کرے گا؟ کچے کے حوالے سے آپ کو روزانہ کی بنیاد پر جو videos مل رہی ہیں، وہاں پر پورا ایک علاقہ بنا ہوا ہے جہاں پر پولیس کی بکتر بند گاڑیاں بھی چھینی گئی ہیں، SP's تک کو مارا گیا ہے، اس کے لیے کیوں نہیں اکٹھے ہوتے؟ وفاقی حکومت یا ہماری law enforcement agencies یہ نہیں دیکھنا چاہ رہیں؟ یا ان کو ان چیزوں کے بارے میں پتا نہیں ہے؟ لیکن ان کو پشتون کے علاقے یا اگر ژوب کے علاقے میں ہو تو یہ ہمارے گاؤں میں گھس جاتے ہیں، لورالائی میں اگر کچھ ہو تو ہمارے گاؤں میں گھس جاتے ہیں، زیارت میں کچھ ہو تو یہ ہمارے گاؤں میں گھس جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ House of Federation ہے یہاں پر ہم equal آتے ہیں بالکل ہم پارٹی سے آتے ہیں لیکن ہمارا یہ طریقہ کار ہونا چاہیے، یہاں پر ہمارے بڑے سینیٹر صاحبان ہیں جن میں تاج حیدر صاحب، طاہر بزنجو صاحب ہیں اور رانا مقبول صاحب ہیں، ہم نے ہمیشہ دیکھا ہے انہوں نے بل کو دیکھ کر اس میں فائدہ عوام کا دیکھا ہے، ہمارے constitution کا دیکھا ہے، اس پارلیمنٹ کی عزت دیکھی ہے، اگر اس میں عزت نہیں ہوتی وہ اس کو ووٹ نہیں کرتے۔ ہم سب کو یہ کرنا

چاہیے بل کو دیکھ کر جس میں اس پارلیمنٹ اور عوام کی عزت ہو اس میں ایک ساتھ ووٹ کریں اور بل چاہے جو بھی لایا ہو جو ہمارے آئین اور اس کے مطابق نہ ہوئے ہم اس کو reject کریں شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر نصیب اللہ بازئی صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: زیادتی ہے؟ نہیں جناب! آپ کو ابھی موقع دیتے ہیں، آپ تو ویسے بھی کھڑے ہو کر جو دل آئے کہہ دیتے ہیں۔

## Point of Public Importance raised by Senator Naseebullah Bazai regarding load shedding of electricity in Quetta, Balochistan

سینیٹر نصیب اللہ بازئی: میں باپ پارٹی کا پہلا آدمی ہوں، میں ابھی تقریر کر رہا ہوں، آپ صبح سے تقریر کر رہے ہیں۔ شکریہ جناب چیئرمین! میں واپڈا کے حوالے سے بات کروں گا، پورے بلوچستان خصوصاً کوئٹہ کے بارے میں بات کروں گا، اس وقت کوئٹہ میں جو سٹی کوئٹہ ہے تقریباً وہاں پر 9 سے 10 گھنٹے بجلی ہوتی ہے جو مضافات ہیں ان کے دیہی علاقے ہیں، آپ کو بھی پتا ہے شاید آپ نے بھی وہاں پر گھر بنایا ہو، جناب چیئرمین! آپ جب بھی وہاں پر آتے ہیں تو مجھے ادھر سے فون آتا ہے کہ چیئرمین صاحب تو کوئٹہ نہیں آئے؟ میں بولتا ہوں کیوں تو وہ کہتے ہیں آج ہمارے پاس بجلی ہے۔ آپ کب تک چیئرمین رہیں گے بعد میں یہ بھی نہیں ہوگا۔ جناب والا! میں ایک اور بات کروں، ہمارے جو دیہات کے علاقے ہیں، جتنے بھی مضافات ہیں، جہاں پر زمینداری ہوتی ہے وہاں بجلی صرف اور صرف چھ سے سات گھنٹے ہوتی ہے اور شہر میں 9 سے دس گھنٹے تک ہوتی ہے باقی ہمارے جو اضلاع ہیں، وہاں پر میرے خیال سے تین سے چار گھنٹے بجلی ہوتی ہے، جب ہم CEO کے پاس جاتے ہیں تو CEO بولتا ہے وہاں پر چوری ہو رہی ہے، ٹھیک ہے وہاں پر چوری ہو رہی ہوگی، اگر ہمیں distribution کا طریقہ کار بتایا جائے تو باقی صوبوں کو کتنی بجلی دی جا رہی ہے، باقی وفاق کو کتنی بجلی دی جا رہی ہے، بلوچستان کی وفاق کو کتنی بجلی دی جا رہی ہے اور واپڈا کی کتنی چوری ہو رہی ہے، اس سال واپڈا کا پانچ سو سے چھ سو ارب روپے بجلی چوری کا fault آ رہا ہے، چوری ہو رہی ہے، چاہے وہ بلوچستان چوری کر رہا ہے، کوئٹہ چوری کر رہا ہے۔ میں کہہ رہا ہوں میرے پنجاب کے بھائی ہیں، میرے دوست ہیں، ہمارا ملک ہے، میں کہوں گا صرف گوجرانوالہ کے کارخانے جو سینکڑوں کارخانے ہیں، ان میں سے اگر دو درجن کارخانے چوری کریں تو اس سے پورے بلوچستان کی لوڈ شیڈنگ ختم ہو جائے گی۔ سینکڑوں ارب روپے کہاں پر غائب ہو جاتے ہیں؟ یہ بلوچستان والے چوری کرتے ہیں؟ بلوچستان والے پانچ سو، چھ سو ارب روپے میں سے زیادہ سے زیادہ اگر ایک

ارب روپے بھی چوری کریں تو بہت زیادہ ہوگا۔ بجلی تو وہاں پر نہیں، بعض علاقوں میں تو آئی ہی نہیں۔ جناب والا! ہمارا ہر محکمہ، ڈار صاحب بیٹھے ہوئے ہیں یہ وفاقی وزیر خزانہ ہیں وہ اس بات کو note کریں جب بھی وفاقی کے منصوبے آتے ہیں، بڑے بڑے روڈ آتے ہیں تو ہمیں تین سے پانچ فیصد بجٹ میں دیا جاتا ہے کہ بھائی آپ اپنا کام جاری رکھیں، ہمارے پاس تو موٹروے نہیں، ہم تو موٹروے کو بھول چکے ہیں یہ جو national highway, single road ہے اس کے لیے بھی ہمیں پانچ فیصد سے اوپر نہیں ملتے، اگر ایک آدمی زیادہ سے زیادہ ہمت کرے، اگر ایک آدمی کو کچھ ملے تو ٹھیک ہے ورنہ پانچ فیصد یا تین فیصد سے زیادہ funds ہمیں نہیں ملتے، نہ روڈ کے لیے ملتے ہیں اور بجلی میں بھی ہمارے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر نصیب اللہ بازئی: جناب والا! میں حیران ہوں کیا بلوچستان پاکستان کا حصہ نہیں ہے؟ جب بھی دنیا آتی ہے، چائنہ آتا ہے، امریکہ آتا ہے، بلوچستان مالا مال صوبہ ہے، بلوچستان بڑا امیر صوبہ ہے، بھائی بلوچستان تو امیر صوبہ ہے مگر بلوچستان کا موٹروے تو خواب ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔

سینیٹر نصیب اللہ بازئی: ہمارا نیشنل ہائی وے ٹھیک نہیں ہے، ہمارے پاس بجلی کا یہ حال ہے کہ پانچ سو سے چھ سو ارب سالانہ بجلی چوری ہوتی ہے اور بولتے ہیں بلوچستان سے بجلی چوری ہوتی ہے، میں TV میں ایک پروگرام دیکھ رہا تھا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر نصیب اللہ بازئی: ایک منٹ یہ آخری ہے۔ میں ایک بات کروں گا۔

جناب چیئرمین: رانا صاحب کھڑے ہوگئے ہیں، میں بڑی دیر سے ان کو بٹھائے جا رہا ہوں۔

سینیٹر نصیب اللہ بازئی: جناب والا! میں صرف ایک بات کروں گا، جناب والا! مجھے صرف ایک منٹ چھوڑ دیں میں بلوچستان کے بارے میں بات کروں گا، میں اس لیے ڈر رہا ہوں کہ ہم سارے پاکستانی ہیں، جناب والا! وہ پروگرام میں بول رہے ہیں کہ بلوچستان کے ایک سیکریٹری کے گھر سے سترہ کروڑ روپے چوری ہوئے تھے، بھائی ادھر تو سالانہ اربوں روپے چورے ہوتے ہیں وہ کون کر رہا ہے؟ یہ ہمارے ساتھ مذاق ہے؟

جناب چیئرمین: شکریہ جناب، معزز سینیٹر۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ میں ان کا ایک بل لے لوں پھر آپ کو دیتا ہوں، آج سارے بولیں گے، ڈار صاحب کی اجازت سے پھر میں گھر جاؤں گا۔ جناب میں ان کا بل لے لوں؟ رانا صاحب کا؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اچھا گیلانی صاحب آپ اس لیے بیٹھے ہیں، پہلے بتانا تھا۔

Order No.20A, honourable Senator Rana Maqbool Ahmad, please move Order No.20A.

**Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules**

Senator Rana Maqbool Ahmad: I hereby move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rule 25 and 30 of the said Rules be dispensed with in order to take into consideration at once, the Bill to regulate the quality, standard, labelling, packing, manufacturing, storage , distribution and sales of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023], as passed by the National Assembly.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried.

سینیٹر فدا محمد صاحب! ابھی پہلے bill پر تو آنے دیں۔ آپ پہلے پڑھ لیا کریں، میری humble گزارش ہے۔

Order No.20B, honourable Senators Rana Maqbool Ahmad and Irfan-ul-Haque Siddiqui, please move Order No.20B.

**Consideration and Passage of [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023]**

Senator Rana Maqbool Ahmad: Sir, I hereby move that the Bill to regulate the quality, standard, labelling, packing, manufacturing, storage, distribution and sales of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

جناب چیئرمین: جی قائد ایوان صاحب! یہ Bill لے لوں۔

It has been moved that the Bill to regulate the quality, standard, labelling, packing, manufacturing, storage, distribution and sales of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023, as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Second reading of the Bill i.e. Clause by Clause consideration of the Bill, the question is that Clauses 2 to 22 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 22 stand part of the Bill. Clause 1 the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1 the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.20C, honourable Senators Rana Maqbool Ahmad and Irfan-ul-Haque Siddiqui, please move Order No.20C.

Senator Rana Maqbool Ahmad: Sir, I move that the Bill to regulate the quality, standard, labelling, packing, manufacturing, storage, distribution and sales of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill to regulate the quality, standard, labelling, packing, manufacturing, storage, distribution and sales of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill, 2023], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Bill stands passed. Order No.20E, honourable Senator Rana Maqbool Ahmad, please move Order No.20E.

**Consideration and Passage of [The National Institute of Technology Bill, 2023]**

Senator Rana Maqbool Ahmad: Sir, I hereby move that the Bill to provide for establishment of the National Institute of Technology [The National Institute of Technology Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? It has been moved that the Bill to provide for establishment of the National Institute of Technology [The National Institute of Technology Bill, 2023], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried.

جی قائدِ ایوان صاحب ! اجازت ہے کہ Bill لے لیں۔

Second reading of the Bill, Clauses 2 to 48, the question is that Clauses 2 to 48 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 48 stand part of the Bill. Schedule, the question is that Schedule do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Schedule stands part of the Bill. Clause 1 the Preamble and the Title of the Bill, the question is that the Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1 the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.20F, honourable Senator Rana Maqbool Ahmad, please move Order No.20F.

Senator Rana Maqbool Ahmad: Sir, I hereby move that the Bill to provide for establishment of the National Institute of Technology [The National Institute of Technology Bill, 2023] be passed.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill to provide for establishment of the National Institute of Technology [The National Institute of Technology Bill, 2023] be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Bill stands passed. Honourable Senator Kauda Babar Sahib.

سینیٹر کہدہ بابر: جناب! آپ کا بہت شکریہ۔ اس forum پر کھڑے ہو کر بہت گلے اور شکایتیں کیں۔

جناب چیئرمین: آج آپ شکریہ ادا کر رہے ہیں۔

سینیٹر کہدہ بابر: آج میں گلہ کرنے کے لیے نہیں کھڑا ہوا، میں آج شکریہ ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوا ہوں۔

جناب چیئرمین: اچھا ہے۔

سینیٹر کہدہ بابر: میں وزیر اعظم صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ماہی گیروں کے لیے گوادر میں 82 کروڑ روپے دیے ہیں۔ چین کے نائب وزیر اعظم آنے والے ہیں، میں اپنی اور لوگوں کی طرف سے ان کو بھی welcome کرنا چاہتا ہوں اور CPEC میں جو چیزیں بہت عرصے سے رکی ہوئی تھیں، میں امید کرتا ہوں کہ یہاں پر وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اور احسن اقبال صاحب جس طرح کام کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اور تیزی سے کام کریں گے۔ ہمارے پاس وقت اس حکومت کے لیے کم ہے لیکن CPEC کو سب لوگ لے کر چلتے ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ان کے نائب وزیر اعظم آ رہے ہیں، اس سے اور زیادہ بہتر کریں گے اور گوادر میں special economic zones ہیں، ان کے متعلق بھی سوچیں گے۔ جناب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Kamil Ali Agha Sahib.

**<u>Point of Public Importance raised by Senator Kamil Ali Agha regarding desecration of Holy Quran in Sweden and Denmark</u>**

سینیٹر کامل علی آغا: جناب! آپ کا شکریہ۔ یہاں پر سینیٹر مشتاق احمد صاحب کے initiative پر قرآن پاک کی بے حرمتی کے متعلق discussion ہوئی ہے اور Sweden میں تواتر سے ایک بیہودہ عمل جاری و ساری ہے۔ آپ نے یہ فیصلہ کیا کہ پارلیمانی leaders کو بلا کر اس پر کوئی فیصلہ کیا جائے۔ جناب! میری یہ رائے ہو گی کہ اس کو ذرا مختصر کرنا ضروری ہے کیونکہ الحمدللہ اس کو OIC نے take up کیا ہوا ہے، وہ take up کر چکے ہیں اور انہوں نے one point agenda رکھا ہوا ہے۔ ہم ان کو appreciate کریں اور ہم کل کے اجلاس میں ان کے لیے ایک resolution لے آئیں تاکہ ان کے ہاتھ مضبوط ہوں۔ یہ international democratic issue ہے، خدانخواستہ ہمارے ملک میں اس قسم کا کچھ ہو جس کا احتمال نظر نہیں آتا، کوئی حرکت ہو تو اس کے لیے تو legislation ہو سکتی ہے لیکن ہم کسی دوسرے ملک کے متعلق اس پر legislation نہیں کر سکیں گے۔

گے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے یہ propose کیا تھا کہ ہم OIC کے through اپنے مسلم ممالک کو legislation propose کریں، انہوں نے یہ کہا تھا۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں یہ چاہتا ہوں کہ اس پر فی الفور مشترکہ unanimous resolution آئے تاکہ ہم OIC کے ہاتھ مضبوط کریں، میرا یہ عندیہ ہے،اس کو جلدی کر لیا جائے تو یہ بہتر ہو گا۔

Mr. Chairman: Agreed sir.

سینیٹر کامل علی آغا: انہوں نے 31st اگست کو اجلاس رکھا ہوا ہے تو اس کو بعد میں کرنے کا فائدہ نہیں ہو گا تو آپ کل ہی کر لیں۔

جناب چیئرمین: جناب! ابھی بنا سکتے ہیں، میں ابھی ایوان سے pass کرا لیتا ہوں۔

سینیٹر کامل علی آغا: یہ بھی ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: آپ بالکل بنالیں، آپ، سینیٹر رانا مقبول صاحب اور عرفان صدیقی صاحب بنالیں، میں ابھی کر لیتا ہوں۔ یہاں پر جب تک ایک دو دوست بات کر لیں گے۔

سینیٹر کامل علی آغا: سینیٹر عرفان صدیقی صاحب موجود ہیں۔

جناب چیئرمین: جی موجود ہیں، عرفان صدیقی صاحب! آپ آ جائیں اور سینیٹر تاج حیدر صاحب بھی ہیں تو یہ ابھی resolution بن جائے گی، یہ ایک منٹ میں بن جائے گی، سینیٹر تاج حیدر صاحب ابھی laptop کھول لیں گے۔ وہ کریں گے،آپ بنالیں، وہ یہاں پر pass کریں گے، وہ بعد کی بات ہے۔جی۔

سینیٹر کامل علی آغا: جو take up کیا ہے، اس پر ہے۔ میں دوسری بات کرنا چاہتا ہوں کہ کہدہ بابر صاحب نے بڑا اچھا point raise کیا ہے، میں اس پر exclusively بات کرنا چاہتا تھا۔ چین کے نائب وزیر اعظم تشریف لا رہے ہیں، ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ China ہمارا strategic partner ہے اور ہمارا دوست ہے اور انہوں نے ہر مشکل وقت میں ہمیں support کیا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم بھی انہیں support کرتے ہیں۔ یہاں ڈار صاحب بھی تشریف فرما ہیں، ابھی recently انہوں نے ساڑھے چار ارب ڈالر کا loan roll over کیا ہے، پاکستان جس خطرے میں تھا اس میں سے نکالنے کے لیے دوسرے ممالک سعودی عرب، UAE اور قطر جو ہمارے اسلامی ممالک ہیں لیکن اس کے علاوہ جو سب سے بڑا role چین نے ادا کیا ہے جو ہمارا ہمسایہ ملک ہے اور دنیا کا ایک بڑا ملک ہے، اس نے جب بھی ہمارا ساتھ دیا ہے ہمیشہ crucial time پر دیا ہے اور اس وقت اس نے ہمارا ساتھ دے کر ہمیں default ہونے سے باہر نکالا ہے۔

ہمیں اس کا شکریہ ادا کرنے کے لیے اور welcome کرنے کے لیے ایک resolution لانی چاہیے اور اسے بھی کل پیش ہونا چاہیے۔ یہ میری suggestion ہے۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے، .point noted آپ لوگ مہربانی کریں اور وہ resolution بنالیں۔ معزز سینیٹر ثنا جمالی صاحبہ۔

## Point of Public Importance raised by Senator Sana Jamali regarding delaying of MDCAT Exam for Balochistan Students due to floods and opening of Pinjra Bridge in Balochistan

سینیٹر ثنا جمالی: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں اس august House کو مبارک باد دینا چاہتی ہوں کہ پاکستان نے 37 سالوں کے بعد World Squash Championship جیتی ہے اور میں چاہتی ہوں ہم حمزہ علی خان a proud Pakistani کو اس ایوان میں بلائیں، اسے appreciate کریں کیونکہ اس یہ بچہ دیوار کے ساتھ سکواش کھیل کھیل کر World Champion بنا ہے۔ After 37 years, we have become a World Champion, he has given name to Pakistan وہ ایوان میں آئے اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ کی طرف سے ایک recommendation جائے کہ آگے جا کر اس نے اپنی یونیورسٹی کی تعلیم مکمل کرنی ہے، اسے facilitate کیا جائے، تمام معزز سینیٹر صاحبان سے آ کر وہ ملے اور ہم اسے appreciate کریں۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ 27 August کو MDCAT exams ہو رہے ہیں، ہماری طرف بارشیں ہو گئی ہیں، طلباء چاہتے ہیں کہ اگر یہ ایک ماہ کے لیے delay کر دیا جائے، ہم چاہتے ہیں کہ اس ایوان سے direction جائے اگر یہ delay ہو جائے۔

جناب چیئرمین! تیسرا مسئلہ پنجرہ پل کا ہے۔ پنجرہ پل ہمارے لیے London Bridge سے کم نہیں ہے، ہم وہاں پر جا کر selfies بناتے ہیں، بولان ہے، Mery Jane ہے جو 1882 میں بنی ہے، we have got beautiful tunnels, beautiful landscapes, thanks to سعد رفیق صاحب جن کی وجہ سے پچھلی مرتبہ train ایک سال میں واپس monitor ہوئی، اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ پنجرہ پل تو اپنے وقت پر بنے گا کیونکہ نو دریاؤں کا پانی آ رہا ہے، دریائے مولا، دریائے گاج، ناڑی بنک کا پانی آ رہا ہے، پانی human source سے زیادہ ہے، ہم چاہتے ہیں کہ پورے ایک سال کے لیے shuttle service چلتی رہے جب تک پنجرہ پل مکمل طور پر بن نہیں جاتا۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ اس بارے میں آپ کی direction جانی چاہیے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحبہ ایسا ہے کہ میں نے اسی رات چیئرمین NHA سے بات کی تھی، وہ خود وہاں پر visit کرکے آئے اور انہوں نے اسے کھول دیا ہوا ہے، وہ اس پر کام بھی کر رہے ہیں۔ معزز سینیٹر سردار شفیق ترین۔

## Point of Pubic Importance raised by Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen regarding the funds allocated for the flood affected areas of Balochistan and closure of main roads due to floods

سینیٹر سردار محمد شفیق ترین: شکریہ، جناب چیئرمین! میں public importance کے مسئلے پر بات کروں گا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ پورے ملک میں بارشیں ہو رہی ہیں اور نقصانات کا بھی آپ کو اندازہ ہے جس کا social media اور الیکٹرانک میڈیا پر سب کچھ آ رہا ہے۔ سب سے زیادہ effected علاقہ ہمارا بلوچستان کا ہے۔ پچھلے سال کے سیلاب میں بلوچستان کی جو Highways ٹوٹ گئی تھیں، پل ٹوٹ گئے تھے، water supply کا جو بھی نقصان ہوا تھا اس بابت ایک کمیٹی بنی تھی جس کا میں بھی رکن تھا لیکن پورے سال میں اس کمیٹی کی ایک بھی meeting نہیں ہوئی۔ پھر وزیراعظم صاحب بلوچستان آئے تھے انہوں نے جو نقصانات ہوئے تھے اس کے لیے دس ارب روپوں کا اعلان بھی کیا تھا، منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اس بارے میں بھی ہمیں بتائیں کہ وہ دس ارب روپے انہوں نے کہاں دیئے ہیں، ہمارے علاقے میں تو اس بابت کچھ بھی نظر نہیں آ رہا ہے۔ جو ڈیم ٹوٹے تھے وہ اسی طرح سے پڑے ہوئے ہیں، Highways اسی طرح پڑے ہوئے ہیں، اب بھی بلوچستان کے جو دو سے تین بڑے روڈ ہیں جو بلوچستان کو ملک کے باقی علاقوں سے منسلک کرتے ہیں جس میں سبی روڈ، فورٹ منرو، لورالائی روڈ، ژوب روڈ ہے، بارشوں میں انہیں عارضی طور پر connect کر دیتے ہیں لیکن دوبارہ بارش ہونے سے وہ بند ہو جاتی ہیں۔ ایک تو منسٹر صاحب ہمیں یہ بتائیں کہ وہ دس ارب روپے انہوں نے release کیے یا نہیں، اس کے لیے surveys بھی ہوئے تھے کیونکہ ہر ضلع سے انہوں نے ڈپٹی کمشنرز سے فہرست بھی منگوائی تھی کہ کس کس علاقے میں کتنا نقصان ہوا ہے۔ فورٹ منرو کی شاہراہ بلوچستان کو باقی ملک سے connect کر رہی ہے جو main road ہے اس پر دو مقام ایسے ہیں جو بلوچستان کی طرف National Highway کا بڑا روڈ ہے جو بند ہو جاتا ہے، دو سے تین روز تک ٹریفک بند رہتی ہے، زمینداروں کا نقصان ہو رہا ہے، وہاں سے جو پھل اور سبزیاں آتی ہیں اگر تین روز تک آپ کی گاڑی وہاں پھنس جائے تو جو بھی چیز ہو وہ ضائع ہو جاتی ہے۔ آج بھی لورالائی سے فون آیا تھا کہ روڈ بند ہے، ژوب کی طرف بھی اور فورٹ منرو پر ایک سے دو مقام ایسے ہیں اگر وہاں پر National Highways والے وہاں پر بارشوں کے دنوں میں عارضی کیمپ لگا دیں تاکہ land

sliding کی وجہ سے یا بارشوں سے جو روڈ بند ہو اسے فوری طور پر کھولا جا سکے۔ میری یہی دو گزارشات تھیں ایک تو وزیر صاحب ہمیں پیسوں کے بارے میں بتائیں۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ محترم سینیٹر محمد اکرم۔

## Points of Public Importance raised by Senator Muhammad Akram regarding i) restoration of CPEC Projects, ii) Missing persons, iii) Massive increase in ticket prices in Balochistan

سینیٹر محمد اکرم: شکریہ، جناب چیئرمین! اس وقت تک Deputy Prime Minister of China بہت بڑے delegation کے ساتھ ہمارے ملک میں پہنچ گئے ہوں گے لیکن دو روز پہلے ہمارے وزیراعظم نے گوادر پورٹ جو بہت اہم پورٹ ہے اس کا دورہ کیا اور جتنے بھی CPEC کے منصوبے تعطل کا شکار تھے انہیں restart کیا۔ انہوں نے وہاں پر پیسے دینے کا وعدہ بھی کیا لیکن ایک بات جو میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس صوبے کا وزیراعلیٰ بمعہ وزراء کے وہاں پر حاضر نہیں تھا۔ انہوں نے احتجاجاً وہاں پر اس لیے شرکت نہیں کی کہ بلوچستان کے ساتھ جو funds مہیا کرنے کے وعدے جو اس حکومت نے ان کے ساتھ کیے گئے تھے وہ انہیں نہیں دیئے گئے۔ اس کے ساتھ میں ایک point کا اضافہ کر دوں چونکہ میرا تعلق بھی بلوچستان سے ہے اور اسی ضلع کیچ اور گوادر سے میرا تعلق ہے، وہاں پر وزیراعظم صاحب Laptop Scheme کا افتتاح کر رہے تھے، اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے اس کے کوٹے سے زیادہ اضافہ کیا لیکن ساتھ ساتھ لیپ ٹاپ کی فراہمی کے لیے وہاں کے جس ہونہار طالب علم کا نام پکارا گیا وہ missing تھا۔ بلوچستان میں جو missing persons کا مسئلہ ہے وہ انتہائی شدید ہے۔ چند روز پہلے قائداعظم یونیورسٹی سے بھی ہمارے دو طالب علم اٹھائے گئے۔ بیشتر طلباء جو بلوچستان سے تعلیم کے حصول کے لیے پنجاب آتے ہیں ان کے والدین پریشان ہیں کیونکہ وہاں کے حالات کا تو آپ کو پتا ہے۔ جب وہ پنجاب کے بہتر تعلیمی اداروں میں آتے ہیں تو انہیں harass کیا جاتا ہے، وہ انتہائی ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ صوبہ بلوچستان ایک تو معاشی لحاظ سے پسماندہ ہے، دوسرا تعلیمی لحاظ سے بھی پسماندہ ہے اور تیسرا وہاں پر بہتر تعلیمی ادارے نہیں ہیں، جب وہاں کے بچے تعلیم کے لیے پنجاب کا رخ کرتے ہیں لیکن وہ یہاں کے ہاسٹلوں میں محفوظ نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! میں یہاں پر ایک اور بات کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے بارے میں آپ کہتے ہیں کہ پسماندہ ہے لیکن بلوچستان سے PIA کی جو flights operate کرتی ہیں جو تربت سے کراچی یا کراچی سے گوادر جاتی ہیں اس پسماندہ صوبے سے سب سے زیادہ

کرایہ وصول کیا جاتا ہے۔ کبھی کبھار 24000 سے لے کر 40000 تک کرایہ لیتے ہیں، اسلام آباد سے بھی ایک flight چلتی ہے میں بھی جس میں وقتاً فوقتاً جاتا رہتا ہوں، وہاں کا کرایہ 35000 سے 40000 روپے ہیں۔ اسی طرح سے PIA کا کرایہ ڈالر میں لکھا ہوتا ہے، جناب اعلیٰ پاکستان میں ہمیں تنخواہ یا اجرت تو پاکستانی روپوں کے حساب سے ملتی ہے اور PIA کو ہم ڈالروں کے حساب سے کرایہ دیتے ہیں۔ اس وقت اسحاق ڈار صاحب ایوان میں موجود ہیں۔ جناب، ہمارے ملک کے تین بہت serious issues ہیں، ایک ,economy دوسرا politics اور تیسرا security ہے۔ ہمارے معاشی حالات crises میں ہیں اور ہم بتاتے ہیں کہ ہمارے بہت ہی مشکل دن گزر رہے ہیں، اگر انتخابات جو قریب اور سر پر ہیں اگر انتخابات ہو جاتے ہیں اور نئی حکومت 2024 میں آتی تو اس کے لیے اور بھی مشکل حالات ہوں گے کیونکہ IMF کی سخت شرائط ہیں، وہ ہمیں dictate کر رہے ہیں، ہمیں وہ اتنا زیادہ dictate کر رہے ہیں کہ ہماری قیمتوں کا تعین وہی کرتے ہیں۔ ہم جو بجلی کے bills دیتے ہیں، ہم جو PIA پر سفر کرتے ہیں یا دوسری اشیاء باہر سے منگواتے ہیں۔ اسی طرح بجلی کے بل آئے روز بڑھا دیتے ہیں۔ یہ تو ان کی dictation ہے ہم اس میں جکڑ گئے ہیں۔ دنیا کے جتنے بھی ممالک ہیں ان کے یرغمال بنے ہوئے ہیں۔ اسی طرح politics کے حوالے سے میں کہتا چلوں کہ ہماری politics میں شائستگی نہیں رہی۔ جناب چیئرمین! ہماری سب سے بڑی ذمہ داری جو بنتی ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک کو economic crisis سے نکالیں اور معاشی بحران سے نکالنے کے لیے جو بڑی جماعتیں جن میں PML (N), PPP and PTI شامل ہیں ان کا ایک اہم کردار ہے۔

جناب چیئرمین! یہ بڑی جماعتوں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس ملک کو اس crisis سے نکالیں ورنہ ہمارا دن بہ دن، ہفتہ بہ ہفتہ، سال بہ سال اس ملک میں زندہ رہنا بھی محال ہو جائے گا کیونکہ یہاں دو وقت کی روٹی مشکل سے ملتی ہے، مہنگائی اتنی زیادہ بڑھ گئی ہے حد سے زیادہ، لوگ بیزار ہو گئے ہیں، اتنے تنگ آگئے ہیں کیونکہ آپ ان کو روزگار نہیں دے سکتے، آپ ان کو نوکریاں نہیں دے سکتے، آپ کے ہاں مزید صنعت نہیں لگتی، ہمارے ہاں import and export نہیں ہو رہی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم اس ملک کو کس جانب لے کر جا رہے ہیں، اگر ہمارے ملک میں ایسے politician نہیں ہیں جو کہ اس ملک کو بہترین طریقے سے اس مشکل سے نکال سکیں۔

جناب چیئرمین! تیسرا مسئلہ security کا ہے۔ ہم security کو لے کر شدید پریشان ہیں خاص طور پر KP and Balochistan. کے لیے۔ اس کے لیے سب سے زیادہ funds رکھے جاتے ہیں، ہمارا سب سے زیادہ پیسہ اس پر خرچ ہوتا ہے لیکن

security کے حالات دن بہ بدن خراب ہوتے جا رہے ہیں کیونکہ ہم نے پہلے America کی جنگ لڑی تب تو ہمارے ملک میں ڈالر آ رہے تھے، لیکن اب جب Afghanistan سے withdrawal ہوا تو اب ہمیں security related problems پیش آ رہے ہیں۔ ہمیں World Bank قرضے تو دیتا ہے لیکن America and West کی طرف سے پیسے ہمیں کرائے کے نہیں ملتے کیونکہ ہم نے ہمیشہ کرائے کے طور پر پیسے لے لیے ہیں اور ہم نے اپنے ملک کی economy اور اپنے ملک کی بقاء اور مستقبل کے بارے میں کبھی سوچا نہیں ہے۔ ابھی جس وقت یہاں دہشتگردی کی باتیں ہو رہی ہیں Zia-ul-Haq کے دور سے لے کر جب یہاں دہشتگردی کے مدرسوں سے پہلے چند ہی مدرسے تھے لیکن اب آپ کے پاس 30000 مدرسے ہیں جہاں ان کو training دی گئی۔ انتہا پسندی کی ہم یہاں بات کرتے ہیں، ہم نے انتہا پسندوں کو خود ہی تربیت دی، training دی، پیسے دیے یہاں بھی اور باہر بھی۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ جناب 7 minutes ہو گئے ہیں point of public importance ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! بات کی مدرسوں کے حوالے سے یا دہشتگردی کے حوالے سے ہمارے مدرسوں کے ساتھ دہشتگردی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ نہ ہم دہشتگردی پر یقین رکھتے ہیں اور نہ ہم اس کو promote کرتے ہیں۔ مدرسوں کے ساتھ دہشتگردی کو جوڑنا میرا خیال ہے کہ زیادتی ہے اور یہ آپ کو بھی معلوم ہے، سب کو معلوم ہے کہ دہشتگردی کہاں سے آئی تھی، کیسے آئی تھی، کیسے چل رہی ہے مگر کم از کم اس کو مدرسوں سے نہ جوڑا جائے جناب! بات ہوئی missing persons کے حوالے سے، missing persons کے حوالے سے آپ کو یاد ہو گا کہ Sardar Akhtar Maingal Chair کر رہے تھے اور ان کی سربراہی میں آپ نے ایک کمیٹی بنائی تھی اور اس کمیٹی نے ایک report مرتب کی تھی اور وہ report ہم نے court میں بھیج دی تھی۔ اس میں recommendations بھی تھیں، وجوہات بھی تھیں۔ میرا خیال ہے وہ report court نے dump کر دی ہے اور باقی معاملہ ریاست نے dump کیا ہوا ہے۔ اگر courts کی months کی exercise کے بعد اکوئی report آئے اور وہ اس طرح سے dump ہو جائے اور ریاست بھی اسی طرح سے کرے۔ ریاست نے بھی Committees بنائی تھیں، ایک کمیٹی میں تارڑ صاحب تھے، رانا ثنااللہ صاحب تھے اور بھی دوست تھے انہوں نے بھی وعدے

کیے، بلوچستان میں جا کر وعدے کیے، خواتین سے وعدے کیے اور اس کے نتیجے میں جو strike کافی عرصے سے چل رہی تھی، جو خواتین بیٹھی ہوئی تھیں ہم نے ان کو assurance دی اور وہ اٹھ گئیں اور اس کے بعد معاملہ اسی طرح سے رفعہ دفعہ ہو گیا۔ ایک اہم چیز میں سب سے زیادہ اچھے ہیں، جس میں ہم نے بہت ترقی کی ہوئی ہے وہ مٹی پاؤ والے معاملے میں ہے۔

مٹی ڈالنا ہمارے لیے بہت آسان ہے ہم نے اس مسئلے پر جس کا ملک کی بقاء کے ساتھ تعلق ہے، جس کا بلوچستان کے ساتھ تعلق ہے، جس کا بلوچستان کا آپ کے ساتھ رہنے کا تعلق ہے، جس کا اس Federation میں رہنے کا تعلق ہے اس پر بھی ہم نے کتنی آسانی سے مٹی ڈال دی۔ جب ہم کوئٹہ جاتے ہیں تو وہ عورتیں ہمیں طعنہ دیتی ہیں کہ آپ بھی اس معاملے میں تھے۔ بہر حال طعنے سننے کے لیے تو ہم ہی ہیں۔ ریاست نے اس معاملے کو حل نہیں کرنا، ریاست کو دو چار دن تک خیال آتا ہے پھر اس کے بعد اس طرح کے Bill لے آتی ہے جو آپ کے پاس main agenda میں serial No. 9 and 10 پر لگے تھے تاکہ مزید لوگوں کو اس طرح سے دبایا جاسکے۔ اس طرح سے اگر معاملہ چلائیں گے تو خرابی مزید بڑھے گی۔

جناب! یہ بارشیں ہوئی ہیں بارشیں اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہیں مگر ہمارے ہاں اکثر یا تو ہوتی ہی نہیں ہیں یا پھر زحمت بن جاتی ہیں اور اس وقت بارشیں بلوچستان میں زحمت بنی ہوئی ہیں اور اس کا مداوا جو ہے آپ کے ادارے ہیں جو اس میں موجود ہیں صوبائی سطح پر بھی موجود ہیں، وفاقی سطح پر بھی موجود ہیں مگر وہاں پر بھی ان کی آنیاں اور جانیاں چل رہی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ابھی تک صوبے میں کوئی ایسا relief کا کام نہیں شروع ہو سکا۔ ان کے لیے ایسا کچھ بھی نہیں ہو سکا جن کے گھر بیٹھ گئے ہیں، جن کے گھر میں مسائل ہیں، جن کو first aid چاہیے، گوکہ آپ یہ کہیں گے کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے مگر صوبائی مسئلے کے ساتھ ساتھ یہ انسانی مسئلہ بھی ہے، ملک کا مسئلہ بھی ہے۔ اس کو دیکھا جانا چاہیے۔ راستے تو بند ہیں ہی سردار صاحب نے اس میں ابھی راستوں کے حوالے سے بات کی اس دن میں نے بھی بات کی بلوچستان کے راستے cut off ہوئے ہیں اور وہ پچھلے ڈیڑھ سال سے کٹے ہوئے ہیں اور انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ ہم ہنگامی بنیادوں پر bridge بنا رہے ہیں۔ London bridge کی بات کی میری بہن نے جس کو ہم اپنے ہاں پنجرہ پل کہتے ہیں وہ پنجرہ پل ہم سال ڈیڑھ سال میں نہیں بنا سکے، میرا نہیں خیال کے ہم آئندہ سال میں بھی بنا پائیں گے۔

ترقی تو پورے ملک میں ہی کیا ہونی ہے مگر بلوچستان کے حوالے سے کسی بھی معاملے کو سنجیدگی سے نہیں لیتے اور جب سنجیدگی سے نہیں لیتے ان کے بچے اٹھاتے ہیں ان کے بچے غائب رہتے ہیں اور جب ان کو دال روٹی کا مسئلہ پیش آتا ہے یا اس طرح سے سیلاب وغیرہ آجاتا ہے تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ان کی heart burning زیادہ ہو جاتی ہے اور اگر heart burning زیادہ ہو گی تو پھر یہ بات ریاست کے لیے negative ہو گی۔ خدا کے لیے اس حصے کو جو آپ کا 42% ہے جس کی وجہ سے میں اور آپ یہاں پر موجود ہیں اس کا بھی کوئی خیال کیا جائے، اس پر بھی توجہ دی جائے۔

جناب چیئر مین: سینیٹر فدا محمد صاحب۔

**Senator Fida Muhammad**

سینیٹر فدا محمد: شکریہ جناب چیئر مین! (عربی)۔۔۔آج یہ جو اجلاس ہو رہا ہے تقریباً 10 ,8 دن سے اجلاس شروع ہوا ہے اور یہاں پر اس اجلاس کے دوران جتنے Bills آرہے ہیں وہ بھی آپ کے زیر سایہ نظر آرہے ہیں لیکن بہت افسوس کی بات ہے سارے صوبوں کی equal representation ہے لیکن آج تک ایک بھی Bill غریب عوام کے لیے نہیں ہے اور وطن عزیز کے اس وقت 70% سے زیادہ غربت میں گھرے لوگ زندگی گزار رہے ہیں ۔

ایک بل بھی ان میں ان کے لیے نہیں ہے۔ اس میں میری بھی کوتاہی ہے۔ کسی نے بھی یہ نہیں سوچا کہ ان کا بھی کوئی حق ہے اور ان کے حق کے لیے بھی بات کرنی چاہیے۔ ہم یہاں پر ان کے حق کے لیے بیٹھے ہیں۔ ان کے حق کے لیے ہم نے آواز اٹھانی ہے۔ یہ ریاست ان مظلوم اقوام کے لیے ماں باپ کی طرح ہے لیکن آج تک کسی نے ان کے لیے کچھ بھی نہیں کیا۔ بہت افسوس کی بات ہے۔

جناب چیئر مین! دوسری بات یہ ہے کہ آج معیشت کی جو حالت ہے وہ آپ کے سامنے ہے چینی کی قیمت کہاں تک پہنچ گئی ہے۔ غریب کی زندگی دن بدن تنگ ہوتی جارہی ہے۔ ان کے لیے یہاں پر کوئی پالیسی نہیں بنتی اور نہ کوئی طریقہ کار موجود ہے۔ بلوں کے لیے تو پالیسیاں بنا کر لاتے ہیں لیکن غریب عوام کے لیے کوئی پالیسی نہیں بنتی کہ ان کے لیے کیا کرنا ہے۔ یہ اس حکومت کے آخری دن ہیں۔ آپ بتائیں کہ آپ نے ان غریب عوام کے لیے کونسی پالیسی بنائی ہے۔ ان لوگوں کے پاس کل ہم ووٹ مانگنے جائیں گے تو ان کو ہم کیا منہ دکھائیں گے۔ کس طرح ہم ان کے دروازوں تک جائیں گے۔ ہم ان کے لیے کیا چھوڑ کر جارہے ہیں۔

جناب چیئرمین! تیسری بات یہ ہے کہ اس وقت 60تا 80روپے فی یونٹ بجلی کا نرخ مقرر ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ گیس کے نرخوں کو آپ دیکھ لیں۔ LNG and LPG کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کی قیمتیں نہ بڑھائی گئی ہوں۔ صرف پختون کے خون کی قیمت دن بدن سستی ہوتی جارہی ہے۔ چاہے بلوچستان میں ہو یا خیبر پختونخوامیں ہو یا merged districts میں ہو۔ وہاں پر صرف پختون کا خون سستا ہوتا جارہا ہے اور باقی ساری چیزوں کی قیمتیں بڑھتی رہتی ہیں۔

جناب چیئرمین! ہمیں ان چیزوں کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ یہ بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ہم اس کے بارے میں کس سے پوچھیں۔ آج کل روز دھماکے ہوتے ہیں۔ میرے خیال میں اس مہینے خیبر پختونخوامیں پانچ چھ دھماکے ہوئے ہیں۔ یہ جنازے ہم کب تک اٹھائیں گے۔ 20سال پہلے فوجی آپریشن میں ہزاروں بچے یتیم ہوئے ہیں۔ 80ہزار افراد اس میں شہید ہوئے ہیں۔ ان بچوں کے لیے کوئی پالیسی بنائیں۔ ان کے ایجوکیشن اور صحت کے لیے سوچیں۔ منسٹر صاحب! آپ تشریف رکھیں اور باہر نہ جائیں۔

جناب چیئرمین: آپ Chair سے بات کریں۔ آپ کیسے لوگوں کو dictate کر رہے ہیں۔ آپ اس طرح نہ کریں۔ وہ بھی اس ہاؤس کے ممبر ہیں اور قائد ایوان ہیں۔ آپ اس طرح نہ کریں۔ آپ مجھ سے بات کریں۔

سینیٹر فدا محمد: میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ اللہ تعالی کے بعد آپ کی یہ کرسی ہے۔ ہم کس سے فریاد کریں۔ اس کرسی سے آپ ان غریب بچوں اور دوسرے افراد کے لیے کوئی فرمان جاری کریں۔ میں یہ مطالبہ کر رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Honourable Leader of the House.

**Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): جناب چیئرمین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میرے ساتھیوں نے کچھ points raise کیے ہیں۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ میں ان points کو cover کروں۔ سب سے پہلے تو میں سمجھتا ہوں کہ جو ہماری اولین ترجیح ہے وہ ظاہر ہے کہ ہماری جان و مال سب کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس رسالت اور حرمت قرآن حکیم پر قربان ہوں۔ ہمارے ایک ساتھی نے یہ تجویز دی ہے کہ اس حوالے سے ایک joint resolution بنائی جائے۔ حکومت قومی اور بین الاقوامی سطح پر یہ actions لے چکی ہے لیکن مزید actions جتنے بھی ہو سکتے ہیں وہ ضرور لینے چاہییں۔ میں اس تجویز کو support کرتا ہوں۔ کامل علی آغا اور عرفان صدیقی صاحب مل کر

یہ resolution بنائیں گے۔ ان کے ساتھ جو جو ساتھی شامل ہونا چاہے ان کو بھی شامل کرنا چاہیے۔ ایک strong resolution آنی چاہیے تاکہ اس ہاؤس کی جو ذمہ داری ہے وہ نظر بھی آنی چاہیے۔ میرے نزدیک یہ ہمارا سب سے پہلا فرض ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ میرے ساتھی کامل علی آغا صاحب نے چین کے حوالے سے بات کی۔ وہ بھی بہت اچھا idea ہے کہ CPEC کے حوالے سے جو اس کی $10^{th}$ anniversary ہے وہ منائی جا رہی ہے۔ چین کے نائب وزیر اعظم اپنے تین وزراء کے ساتھ آج رات کو یہاں پہنچ رہے ہیں۔ وہ کل اور پرسوں ہمارے مہمان رہیں گے۔ یہ subject تو احسن اقبال صاحب کا ہے لیکن آج وہ اسلام آباد میں موجود نہیں ہیں۔ میں ان کو اطلاع کر دیتا ہوں کہ اس resolution کو ساتھیوں کے ساتھ share کر لیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ کامل علی آغا صاحب نے چین کے financial cooperation کے حوالے سے فرمایا۔ یہ amount اسی طرح ہے کہ سعودی عرب اور UAE کے علاوہ جو tangible support ہمیں دی ہے میں اس کی تفصیل بھی تھوڑی سی share کر لیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! ہمارا یہ جو 10, 11 مہینے کا وقت گزرا ہے وہ کافی مشکل تھا۔ دنیا شاید یہ چاہتی تھی کہ پاکستان default کرے اور پھر اس کا تماشا بنے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ ہماری بڑی clear policy تھی کہ پاکستان اپنی sovereign commitments کو IMF اور دوسرے مالی اداروں کے ساتھ وقت پر پورا کرے گا۔ میں پارلیمنٹ کے اندر اور باہر بھی یہ بات کرتا رہا ہوں۔ ہمارا Plan-B تیار تھا کہ اگر IMF کے ساتھ ہمارا agreement نہیں ہوتا تو ہم نے آگے کیسے چلنا ہے۔ تو آپ نے دیکھا کہ پاکستان کے اندر اور پاکستان سے باہر بھی مختلف predictions کی گئیں کہ فلاں payment نہیں ہوگی، فلاں payment بہت بڑی ہے اور یہ bond pay نہیں ہوگا۔ الحمداللہ ہر payment بروقت کی گئی۔ جب یہ حکومت آئی تھی تو اس وقت جو foreign exchange reserves تھے تمام payment کرنے کے باوجود اس کے نزدیک ہم پہنچ چکے ہیں۔ یہ ادائیگیاں ہم نے IMF اور دوسرے مالیاتی اداروں کے بغیر کی ہیں کیونکہ جب IMF fund نہیں دیتا تو تمام مالیاتی ادارے بھی قرضے دینے سے اجتناب کرتے ہیں۔ World Bank, Asian Development Bank, Asian Infrastructure Investment Bank and IBRD کی تمام payment رکی ہوئی تھی۔ اس کے باوجود الحمداللہ ہم نے نہ صرف اس دوران تمام payments بروقت کی ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے

reserves بھی بڑھ کر تقریباً 8 billion Dollars تک پہنچ گئے تھے جبکہ اب وہ تقریباً 13, 14 billion Dollars کے قریب پہنچ گئے ہیں اور مزید اس کی بہتری کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

میرے معزز ساتھی نے جو specific بات کی ہے۔ یہ اپریل کے آخر میں ایک Rating Agency نے ایک statement دی کہ پاکستان کے اسٹیٹ بنک کے پاس جو reserves ہیں وہ 3.7 billion Dollars کے قریب ہیں اور انہوں نے 3.7 billion Dollars مئی اور جون میں pay کرنا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کا default ہونا تو پکا ہے اور 30 جون 2023 تک یہ ملک default کر جائے گا۔ الحمداللہ میں نے اس سے اگلے دن جواب دے دیا کہ بالکل ہمارے پاس reserves اتنے ہیں لیکن آنے والے دو مہینوں کی 3.7 billion Dollars کی جو payment ہے۔ ہر payment وقت پر ہوگی اور ان شاء اللہ پاکستان default نہیں کرے گا۔ ہم نے سارے arrangement کئے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین! سارے ممبران میرے ساتھی ہیں۔ چونکہ انہوں نے specific transaction and amount کی بات کی ہے۔ تو یہ اس ہاؤس کا prerogative ہے کہ ان کے ساتھ information بالکل share کی جائے۔ اس حوالے سے میری گزارش یہ ہے کہ جون کے مہینے میں ہماری 3.7 billion Dollars میں سے 2.3 billion Dollars کی payment due تھی۔ اس میں ایک ارب ڈالر کی sovereign payment تھی۔ میں جون کے آخری ہفتے کی major payment کی بات کر رہا ہوں۔ اس میں چینی بنک کا جو sovereign deposit تھا اس کو ہم نے rollover کروایا۔ اس میں اتنی دقت نہیں آتی۔ وہ ہماری طرف سے جب ان کو request کی جاتی ہے۔ یہ سالہاسال سے ان کی ایک cooperation ہے، ہم ان کے شکر گزار ہیں تو وہ کردیتے ہیں۔ زیادہ problem کمرشل بینکوں کی تھی۔ کمرشل بینکوں میں چائنا ڈویلپمنٹ بینک کا 2.3 بلین ڈالرز میں سے ایک بلین loan دینے والا تھا جبکہ 300 ملین بینک آف چائنا کا دینے والا تھا۔ یہ آخری ہفتے میں due تھی، اگر آخری ہفتے میں ہم pay کرتے، دو قسم کی آپ کو facilities renew ہوتی ہیں، ایک تو آپ payment نہیں کرتے صرف papers complete کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ آپ کی facilities renew ہو جاتی ہیں۔ آپ سب کو ماشاءاللہ اس کا پتا ہے۔ دوسرا، آپ actually pay کرتے ہیں اور اس کے بعد وہ اپنا time لیتے ہیں اور پھر آپ کی طرف سے نئی documentation ہوتی ہے اور ایک نیا loan agreement ہوتا ہے اور آپ اسے

واپس کرتے ہیں۔ چین کے بینکوں کے ساتھ ہمارا second typeکا arrangement ہے، ہم ان کو payment کرتے ہیں اور پھر وہ اپنا time لے کر ہمیں واپس کرتے ہیں۔ چونکہ last week تھا، اگر چند دن میں ہو جاتے تو پاکستان کی جو international اس وقت 8 بلین کے قریب reserve تھے، اس میں dip آنی تھی تو میں نے ان کو engage کیا on behalf of Pakistan اور پرائم منسٹر کو میں نے confidence میں لیا۔ ہم نے کہا کہ ہم آپ کو pre-pay کرنا چاہتے ہیں کیونکہ آخری ہفتے میں، ستائیس، اٹھائیس اور انتیس کو دیں گے تو وہ تو جولائی میں واپس آئیں گی اور آپ کا historic reserve نیچے چلا جائے گا اور ایک بہت panic ہو سکتی ہے۔ انہوں نے cooperate کیا، بغیر کسی penalty کے ہم نے ان کو pre-pay کیا 12 جون کو بجائے جون کے آخری ہفتے کے۔ انہوں نے to be fair اور ان کو میں credit دیتا ہوں کہ within a week انہوں نے پاکستان کو نیا agreement کرکے واپس کیا۔ جونہی وہ ہوا، بارہ، تیرہ، چودہ، پندرہ، سولہ تاریخ کی بات ہے۔ سولہ جون جمعہ والے دن، ہم نے بینک آف چائنا کے وہ آخری ہفتے والے 300 والوں کو بھی طے کیا، یعنی 300 ملین بغیر penalty کے pre-pay کریں گے، وہ pay کیا جبکہ انہوں نے تین دنوں کے اندر ہمیں facility واپس کی۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے، میں second کرتا ہوں اپنے colleague کے ان sentiments کو کہ چین نے جب فروری میں یہ realize کرلیا کہ پاکستان technically اپنے سارے کام مکمل کرچکا ہے اور یہ کوئی اور ہی وجوہات ہیں جو کہ مکمل نہیں ہورہیں یا جس کی ایک reason بنائی جارہی ہے تو انہوں نے اپنے بینکوں کو green light دی۔

جناب چیئرمین! پچھلے چھ سات مہینوں میں ہم نے ساڑھے پانچ بلین ڈالرز کمرشل بینکوں کو واپس کیے اور generally یہ پیسے واپس آتے ہیں۔ اس میں چین نے جب فروری میں دیکھا کہ ہم نے سب کام کرلیا ہے، تین مہینے IMF والے late آئے، 31 جنوری کو آئے جبکہ 9 فروری کو ہم نے سارا پروگرام technically مکمل کرلیا۔ We were in order. پرانے حالات کے حساب سے تو ہمارا staff level agreement sign ہو جانا چاہیے تھا۔ بہر حال، ہم نے دیکھا کہ China was the first one جب انہوں نے دیکھا کہ یہ تو اپنا کام بالکل ٹھیک کرچکے ہیں لیکن کچھ اور reasons ہیں تو انہوں نے پھر اپنے بینکوں کو، میں assume کررہا ہوں، ہمیں ظاہر ہے اطلاع تو نہیں کی لیکن میں نے message ضرور دیا اس ملک کو کہ ہماری طرف سے کام ہو چکا ہے، اب آپ کمرشل بینکوں سے کہیں کہ ہمارے ساتھ normal business کریں اور wait نہ کریں کیونکہ سب wait کررہے ہیں۔ پھر ہم نے اس وقت 1.3 بلین ڈالرز ICBC کو pay کیا

ہوا تھا جبکہ چائنا ڈویلپمنٹ بینک کو 700 ملین pay کیا ہوا تھا۔ چونکہ یہ history ہے تو آپ سے share کر رہا ہوں، دو بلین آئے تو ہمارے ہمارے reserves آٹھ بلین سے دس پر چلے گئے۔

ابھی پچھلے ہفتے ہم نے 14 بلین ڈالرز کو cross کیا۔ ہم نے کافی payments اس ہفتے میں بھی کی ہیں تو اس لحاظ سے 13 اور 14 کے درمیان reserves ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ اس کو 15 سے 16 تک مزید بڑھایا جائے۔ مثلاً ورلڈ بینک کا تین سالوں سے ایک پروگرام pending تھا اور اس میں چار major کام کرنے والے تھے۔ میں نے آنے کے بعد وہ چاروں کام مکمل کیے ہیں۔ ان کا ایک process ہوتا ہے، most likely کل ان کی ایک کمیٹی میٹنگ ہے، اس کے بعد ان کے چھ ہفتے لگتے ہیں تو ستمبر میں 450 ملین ورلڈ بینک کی طرف سے IDA کا جو ایک سستا loan ہے، پاکستان کو مل جائے گا۔ اس کا سارا کام مکمل ہے۔ اس کے ساتھ ایک matching ہے، tentatively ایشین انفراسٹرکچر بینک کا 250 ملین ہے۔ اسی طرح کچھ کام پچھلے دو سالوں سے pending تھے، ایک اور پاکستان انویسٹمنٹ پالیسی تھی، وہ ایشین ڈویلپمنٹ بینک کا منصوبہ تھا، وہ سب کام مکمل کرکے ان کو دے دیا ہے۔ اس سے ہمیں تقریباً 300 ملین مل جائیں گے۔ لہٰذا، میری کوشش ہے کہ اس کو ہم build کریں اور اگلے چھ سات ہفتے میں پاکستان کم از کم 15 بلین ڈالرز کے reserves تک پہنچ جائے۔ میں اپنے بھائی کے sentiments کو second کرتا ہوں کہ .China went out of the way انہوں نے جب دیکھا کہ پاکستان نے سب کچھ ٹھیک کر لیا ہے، technically انہوں نے سب کچھ deliver کر دیا ہے تو انہوں نے اپنے بینکوں سے کہا کہ .do business as usual پھر تو ہمارا ان کے ساتھ business شروع ہو گیا۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ بلوچستان سے میرے ایک ساتھی نے کچھ حساب indicate کیا۔ انہوں نے کہا کہ جو 10 بلین announce ہوا تھا، اس کا کیا ہوا۔ جناب چیئرمین! آپ خود بھی ایک کمیٹی کے چیئرمین تھے، بلوچستان کے کچھ financial issues کے متعلق recently ایک کمیٹی بنی، میں اس کا ممبر تھا، اس میں اور ساتھی بھی تھے، اس میں PPL کمپنی بھی تھی اور اس میں ہمارے بیوروکریٹس بھی تھے۔ انہوں نے کہا کہ حساب دیں تو بالکل حساب دینا چاہیے۔ آپ کو تو میں دے چکا ہوں۔ ان 10 بلین میں سے 8.78 بلین روپے disburse ہو چکے ہیں۔ اس کی تمام تفصیل اس کمیٹی میں پیش کر دی گئی تھی۔ اس میں سے 1.2 بلین outstanding تھے۔ یہ ہم نے reconcile کیے اور بلوچستان نے numbers کو accept کیا۔

دوسرا معاملہ NFC سے متعلق تھا۔ جہاں تک مالی سال 23-2022 کی بات ہے، اللہ کے فضل سے میں نے تو auto پر لگایا ہوا ہے، جس کا جو بنتا ہے مہینے میں دو مرتبہ اسے پہنچ جاتا ہے۔ اسٹیٹ بینک اس کا custodian ہے، ٹیکس کے پیسے اکٹھے ہوتے ہیں، اکاؤنٹ علیحدہ ہے divisible pool کا، اس میں چلے جاتے ہیں۔ جب یہ حکومت آئی تو مالی سال 22-2021 کے 15.78 بلین outstanding تھے۔ یہ حکومت 10 بلین pay کر چکی تھی۔ ابھی recently جون میں جب ہماری میٹنگ ہوئی ہے تو ابھی 5.78 بلین outstanding تھے۔ یہ دو amounts یعنی 5.78 بلین اور 1.22 بلین جو ملا کر 7 بلین بنتے ہیں، تو یہ حکومت پاکستان کے لیے reconciled amount تھی کہ بلوچستان کو فوری دینے چاہیئیں تھے۔ جناب چیئرمین کے knowledge میں ہے، یہ سارے کام کرتے کرتے، reconciliation کرکے اور دکھا کر سب agreement ہو گیا تو 30 جون کو میں نے یہ ensure کیا، انہوں نے کہا کہ ہمیں اس fiscal year میں دیں تو حکومت پاکستان کا بلکہ لوگوں کا people of Pakistan کا جو اسٹیٹ بینک میں جو اکاؤنٹ نمبر 1 ہے جسے ہم Federal Consolidated Fund کہتے ہیں، اس میں سے 7 بلین کی direct transfer میں نے 30 جون کو بلوچستان کے اکاؤنٹ نمبر 1 میں کی اور آپ کو میں نے اطلاع کی اور آپ نے اسے confirm کیا۔ ان کو یہ پیسے مل گئے۔ لہٰذا، وہ payments up to date ہیں۔

ایک payment ابھی pending ہے جو کہ بلوچستان کو ملنے والی ہے اور ملنی چاہیے۔ وہ 12 بلین کی ہے۔ بات یہ ہے کہ 6 بلین دینے کے لیے PPL راضی تھا۔ سوئی کی agreement extension کی renewal due ہے، چیئرمین صاحب اس کے گواہ ہیں کہ PPL کی پوری کوشش تھی کہ 30 بلین میں سے ہم 6 بلین سے زیادہ نہیں دے سکتے، باقی ہم instalments میں دیں گے۔ میں نے زبردستی ان سے 12 بلین agree کروایا۔ 13 جون کو ہماری میٹنگ تھی، الحمدللہ، dates مجھے اچھی طرح یاد رہتی ہیں، ایک مہینہ agree ہوا، 12 جولائی تک حکومت بلوچستان نے سوئی کا agreement renew کرنا تھا۔ میں نے کہا کہ آپ کو 12 دینے پڑیں گے، 18 کی قسطیں ہوں گی۔ مجھے ابھی reminder ملا ہے کہ payment نہیں ہوئی لیکن let us be fair کہ ایک کمرشل کمپنی ہے جو کہ listed ہے تو kindly آپ intervention کریں، ہمارے جو ساتھی بلوچستان سے ہیں، وہ ان کو کہیں کہ paper work ہے، کردیں، یہ کام کرنا تو ہے۔ میں گارنٹی دیتا ہوں کہ 12 بلین لے کر دینا میری ذمہ داری ہے، ان شاءاللہ۔ In this way, that stands settled.

تیسری چیز، پی۔آئی۔اے کے حوالے سے میرے ایک ساتھی نے بات کی۔ واقعی دکھ ہے کہ ہمارے ایک سابقہ وزیر کے بیان کی وجہ سے پاکستان کی قومی ایئر لائن چند سالوں سے ground ہو چکی ہے۔ آپ کو پتا ہے، میں اس story میں جانا نہیں چاہتا لیکن دکھ کی بات ہے کہ PIA was grounded because of that statement. اس کے بعد ساری دنیا کی inspections پی۔آئی۔اے کے اوپر ہوئی ہیں۔ اس کی مختلف inspections ہو چکی ہیں، دو چیزیں pending تھیں۔ میں اس میں ذاتی دلچسپی لیتا رہا۔ ایوی ایشن منسٹر صاحب بہت active تھے، ایوی ایشن ڈویژن active تھا، سول ایوی ایشن اتھارٹی بہت active تھی لیکن کیا کرنے والا تھا؟ No.1, the law of Civil Aviation Authority of Pakistan should be in line with the international requirements. اس میں ترامیم تھیں۔ میں آپ کو compliment کرتا ہوں کہ آج آپ نے اس بل کو pass کر دیا ہے، قومی اسمبلی اسے پہلے pass کر چکی تھی۔ جونہی assent ہو گی، یہ بل بھیج دیا جائے گا۔ پی۔آئی۔اے کے ground ہونے کی وجہ سے سالانہ 71 بلین روپے کا revenue کا loss ہوا ہے۔ اس میں جو UK کے statistics ہیں، 59 بلین صرف UK کی فلائٹس کا ہے۔ باقی 12 بلین remaining Europe and America کی فلائٹس کا ہے۔ آپ کی UK کی فلائٹس profitable ہیں، ادھر باقی 12 بلین میں کوئی اتنا margin نہیں ہے۔ لٰہذا، میں آپ کو اللہ کے فضل و کرم سے ذمہ داری کے ساتھ یہ خوش خبری دے سکتا ہوں کہ international authorities کے ساتھ جو understanding ہے، اگر ہم اپنا قانون pass کر دیں، یہ وجہ تھی اس کے پیچھے کہ میں خود بھی، حالانکہ میری وہ directly ذمہ داری میں نہیں آتا، ایوی ایشن کے منسٹر صاحب تو لگے ہوئے ہیں لیکن ملکی معاملہ ہونے کی وجہ سے میں نے اپنی بھرپور کوشش کی۔ ایک کمیٹی بھی تھی جس کو میں convene کر رہا تھا۔ آج یہ bill pass ہو گیا ہے، یہ چلا جائے گا۔ ان authorities نے کہا ہے کہ ہم اگست تک inspections final کریں گے کہ جبکہ اکتوبر میں ان شاءاللہ UK کی flights revive ہو جائیں گی، یہ ہمارے پاکستانی diaspora کی بہت بڑی demand بھی ہے، ان کا حق بھی ہے۔ آج آپ نے جو قانون pass کیا ہے، President Sahib کی assent کے بعد ورنہ by the way انہوں نے کہا کہ اگر ہم جولائی، اگست میں نہیں آئے تو آپ کو inspection کے لیے ایک سال انتظار کرنا پڑے گا without which آپ کی airline revive نہیں ہونی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ آپ نے آج یہ کر دیا ہے، we will try کہ یہ جتنی جلدی ہو سکے۔ آج اس قانون کے amend ہونے کے بعد international

ان شاءاللہ وہ بھی پوری کریں گے اور اکتوبر میں اللہ کے فضل و کرم سے PIA کی flights بحال ہو جائیں گی۔ commitments 59 billion out of 71 billion revive ہو جائیں گے اور یہ PIA کی بہت بڑی مدد ہو گی۔

جناب والا! ہمارے ایک ساتھی نے IMF کے حوالے سے بات کی کہ مشکل دن گزر رہے ہیں، بالکل صحیح ہے۔ ہم چوبیسویں معیشت تو بن چکے تھے۔ آپ کی 2% lowest inflation تھی، آپ کی CPI 4% تھی، آپ کا 6% GDP growth تھا، آپ کی best stock market of the South Asia تھی، fifth best in the world تھی۔ KSE 100 index 54000 کو cross کر چکا تھا لیکن پھر کیا ہوا، ہم 24th economy سے کیوں 47th پر آئے؟ میرے خیال میں سب کو apolitical ہو کر ملک کے لیے سوچنا چاہیے کہ ہم سے کیا غلطیاں ہوئی ہیں تاکہ وہ غلطیاں repeat نہ ہوں۔ جناب چیئرمین! ہمیں یہ سفر دوبارہ شروع کرنا ہے، 47ویں معیشت سے واپس 24ویں معیشت پر جانا ہے، Pakistan was projected to be part of G20, آپ ایک میزائلی اور ایٹمی قوت ہیں، جس دن آپ نے economically sovereign کر لیا اللہ کے فضل و کرم سے you will lead the Islamic Umma. ہم نے 24ویں سے 20ویں پر جانا تھا، جس کی 2030 prediction کی تھی اور 2050 میں دنیا کی 16ویں معیشت، ہم نے پورے کا پورا اپنے system کا بیڑا غرق کر لیا ہے۔ اب ہم پچھلے سال سے 47ویں معیشت ہیں۔ اللہ کرے ہم جلد از جلد اس سے نکلیں۔ All I can assure you, دیکھیں economy نہ quick بنتی ہے اور نہ all of a sudden یہ تباہ ہوتی ہے، یہ 2013 میں بنی تھی، we were macro-economically unstable country, you were declared to be defaulting in next 6 to 7 months, یہ تو documentary چیزیں ہیں۔ ہم 2016-17 میں تین سالوں میں وہاں پہنچ گئے کہ دنیا آپ کی تعریفیں کرنے لگی، Pakistan was second choice place for the foreign direct investment in the world. مجھے پاکستان کی پچھتر سالوں کی تاریخ میں کسی حکومت کا tenure دکھا دیں جس میں دنیا کے تمام multinational اداروں کے heads پاکستان آئے ہوئے، یہاں Serena, اسی Marriot میں وہ بیٹھ کر پاکستان کی تعریفیں نہ کرتے ہوں، these are all documented.

جناب والا! بحیثیت پاکستانی مجھے دکھ ہے، I wish کہ ہم already G20 میں جانے کے لیے قریب ہوتے، پچھلے چند سالوں میں جو حکومت رہی میں اسے compliment کرتا لیکن ہم 47 ویں معیشت بن چکے ہیں۔ یہ ہمارے سامنے ایک documented picture ہے، ہمیں مل کر پاکستان کو اس سے نکالنا ہے۔ اب stability آچکی ہے، گراوٹ رک چکی ہے جو ہر ہفتے، ہر مہینے تباہی ہو رہی تھی، now we have to move back, ہمارا پہلا goal یہ ہونا چاہیے کہ back to 24th position and part of G20. میں as a Pakistani ان کے sentiments کو بالکل endorse کرتا ہوں، یہ بالکل ٹھیک کہہ رہے کہ choices مشکل ہیں لیکن do we have a choice? میں beggars کا لفظ نہیں استعمال کرتا ہوں، میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ IMF ہم پر احسان نہ کرے، ہم member ہیں، ہم بھیک نہیں لے رہے، as a Pakistani میرا اپنا ایک pride ہے۔ اس لیے میں یہ نہیں کہتا کہ beggars are not choosers but borrowers are not choosers, ہم borrow کرنے گئے ہیں۔ ہمیں اس سے نکلنا چاہیے، پاکستان نکل سکتا ہے اور وہ اس قابل ہے۔ We have already set things, Pakistan Sovereign Wealth Fund اگلے ہفتے آپ کے پاس آرہا ہے، this is something which will increase the image of Pakistan. آپ دیکھیں کہ Egypt بھی processes سے گزرا ہے، اس نے دو سال لگا کر sovereign wealth fund بنایا ہے، چند سال پہلے انڈونیشیا problem میں آیا، اس نے sovereign wealth fund بنایا، آج اس کا image اور ہے۔ Pakistan Sovereign Wealth Fund already National Assembly میں table ہو چکا ہے، ان شاءاللہ وہاں سے اگلے ہفتے آپ کے پاس آئے گا۔ آپ دیکھیں گے کہ اللہ کے فضل سے پاکستان کا مستقبل بالکل ٹھیک ہے، ہمیں سب کو مل کر کوشش کرنی چاہیے۔

میں تو 2013 سے charter of economy کا راگ الاپتا رہا ہوں لیکن میرے ساتھیوں نے اس وقت اتنی توجہ نہیں دی، اب تو تقریباً تمام لوگ ہی کہتے ہیں کہ ہونا چاہیے اور قوم کو اس کا پہرہ دینا چاہیے، آپ قوم کو اس کا گواہ بنائیں۔ یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ ہم نے Charter of Democracy اسی طرح sign کیا تھا اور تمام political parties بشمول اپوزیشن پارٹیوں نے بھی آکر sign کیے تھے۔ Initially two parties PPP and PML (N) نے sign کیے تھے، I am one of the four drafters of Charter of Democracy, پہلے رضا ربانی صاحب تھے اور میں تھا، اس کے بعد احسن اقبال صاحب اور صفدر عباسی صاحب کو اس میں

شامل کیا تھا۔ So things are doable, it took three years. ہم نے اس پر almost 98% کام کر دیا ہے، implement ہو گیا ہے، Truth and Reconciliation Commission نہیں بن سکا اور constitutional courts نہیں بن سکیں، یہ دو، تین چیزیں رہ گئی ہیں لیکن باقی سب کام ہو گئے۔ اس لیے اگر ہماری will ہو، if we have collective effect ہو تو چیزیں ہو سکتی ہیں، Charter of Economy بن سکتا ہے، ایک roadmap بن سکتا ہے، اس پر عمل ہو سکتا ہے اور پاکستان take off کر سکتا ہے۔ حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ جو hope ہے وہ نہ صرف کاغذوں پر ہو بلکہ عملی طور پر بھی اس پر عمل کیا جائے اور اس کی direction میں یہی sovereign fund ہے، اس کی direction میں جو green agriculture revolution کی بات ہو رہی ہے، اس کے اندر minerals and mines کا plan ہے، اس کے اندر ہی IT کا plan ہے اور اس کے اندر ہی SME کا plan ہے۔ اگر ہم collectively اس پر چل پڑے، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان 2013-16 میں آگے نکل گیا تھا اور دنیا ہماری معترف ہو گئی تھی، .we can do it again together جناب والا! ہم جب آیا تو اس وقت سے notes لے رہا تھا، میں نے تمام points کو cover کرنے کی کوشش کی ہے، .thank you so much, Allah Bless you

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on Wednesday, the 2nd August, 2023 at 3:00 pm.

---------

*[The House was then adjourned to meet again on Wednesday, the 2nd August, 2023 at 3:00 pm.]*

---------